

https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC Certified
کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

روزنامہ
Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta
بلوچستان آبزرور
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | جمعہ 16 اکتوبر 2026ء | 4 جمادی الاول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 181

ہر محکمہ اپنی ذمہ داریوں کو مؤثر انداز میں ادا کرے، سرفراز بگٹی

محکموں کے درمیان رابطہ کاری کو بہتر بنانے اور فرائض کی انجام دہی میں غیر ضروری رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے مؤثر اقدامات ضروری ہیں

انتظامی ڈھانچے میں بہتری کے لیے ایسی تجاویز کو اہمیت دی جانی چاہیے جو حکومتی امور میں شفافیت، جواب دہی اور کارکردگی کو فروغ دینے میں معاون ہوں‘ وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت صوبائی محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لینے اور اصلاحات پر مبنی تجاویز مرتب کرنے کے لیے جائزہ اجلاس دوسرے روز بھی جاری رہا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے مزید محکموں کی کارکردگی، انتظامی امور اور استعدادِ کار سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی، جبکہ محکموں کی فعالیت بہتر بنانے اور تنظیم نو کے لیے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں سرکاری محکموں کی کارکردگی بہتر بنانے، انتظامی ڈھانچے کو مؤثر بنانے، سرکاری وسائل کے بہتر استعمال اور عوام کو خدمات کی فراہمی کے معیار میں بہتری لانے سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سرکاری محکموں کی کارکردگی میں بہتری کے لیے اصلاحات کو عملی (بقیہ 2صفحہ 3پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی محکمہ جاتی اصلاحات وکارکردگی جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان میں ہائیر ایجوکیشن سیکٹر تیزی سے پروان چڑھ رہا ہے، جعفر مندوخیل

آرٹیفیشل انٹیلیجنس، ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز، سائنسی ایجادات اور عالمی معیشت میں رونما ہونے والی تبدیلیاں ہمارے رہن سہن، کام کرنے کے طریقوں اور باہمی رابطوں کو نئی شکل دے رہی ہیں

پبلک سیکٹر یونیورسٹیز، 140 کالجز اور تقریباً 1,200 ہائی اسکولز اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں‘ گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ صوبہ میں ہائیر ایجوکیشن سیکٹر تیزی سے پروان چڑھ رہا ہے جس میں صوبے کی 11 پبلک سیکٹر یونیورسٹیز، 140 کالجز اور تقریباً 1,200 ہائی اسکولز اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ گورنمنٹ جنرل محمد موسیٰ پوسٹ گریجویٹ کالج سے 62 گریجویٹس کے فارغ التحصیل ہونا ایک اعزاز ہے۔ مذکورہ کالج ایک قیمتی علمی اثاثہ ہے۔ اس ننھے پودے کو ایک تناور (بقیہ 1صفحہ 3پر)

قدرتی و ماحولیاتی مسائل، غیر معمولی موسمیاتی تبدیلی ان چیلنجز میں سرِفہرست ہیں‘ شہباز شریف

زرعی شعبہ میں جدت اور قدرتی و ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کی صلاحیت درحقیقت پائیدار ترقی و خوشحالی اور مستقبل میں غذائی تحفظ کی ضمانت ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان کے اقوام عالم کے ساتھ ہم آواز ہو کر مشترکہ غذائی تحفظ جیسے انتہائی اہم اور توجہ طلب موضوع کے (بقیہ 5صفحہ 3پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا دیہی خواتین کے عالمی دن کے موقع پر خواتین کی خدمات کو خراج تحسین

حکومت خواتین کی ہنرمندی، کاروباری صلاحیتوں کے فروغ اور معاشی خودمختاری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دیہی خواتین کے عالمی دن کے موقع پر خواتین کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دیہی خواتین بلوچستان کی معیشت، زراعت اور معاشرتی ترقی میں اہم کردار ادا کررہی ہیں اور ان کی محنت صوبے کی سماجی (بقیہ 6صفحہ 3پر)

پاکستان اور ملائیشیا کی افواج کی دو ہفتوں پر مشتمل مشترکہ فوجی مشق اختتام پذیر ہوگئی

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان اور ملائیشیا کی افواج کے درمیان انسداد دہشت گردی کی مشترکہ فوجی مشق ہرما مار (بقیہ 7صفحہ 3پر)

تعلقات مزید مستحکم بنانے کا عزم، فرانسیسی سفیر نے صدر آصف علی زرداری کو اسنادِ سفارت پیش کردیں

پیرس (این این آئی) پاکستان میں فرانس کے سفیر ژاں نوئل پوئریر نے بدھ کے روز ایوانِ صدر اسلام آباد میں صدرِ (بقیہ 8صفحہ 3پر)

پشاور سکول کی چھت گرنے سے 34 بچوں سمیت 35 افراد جاں بحق، متعدد زخمی، سکول مالک گرفتار

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کا اسکول کی چھت گرنے کے واقعہ پر دکھ اور افسوس کا اظہار، رپورٹ طلب کرلی ’زخمی بچوں کو بہترین اور بروقت طبی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے، مشیر اطلاعات کی انتظامیہ کو ہدایت، انکوائری کمیٹی قائم

اسکول کی عمارت میں ناقص میٹریل کا استعمال ہوا تھا، چھت پر 110 سے 115 تک بچے موجود تھے، چھت وزن کو برداشت نہیں کرسکی، پولیس تفتیشی افسر‘ صدر زرداری، وزیراعظم کی متعلقہ حکام کو زخمیوں کو علاج کی بہترین سہولیات فراہم کرنے اور متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن امداد پہنچانے کی ہدایت

پشاور /اسلام آباد (این این آئی) صوبائی دارالحکومت پشاور کے علاقے دیر کالونی میں 3 منزلہ نجی اسکول کی چھت گرنے سے 34 بچے اور ایک خاتون ٹیچر جاں بحق ہوگئیں، جاں بحق بچوں میں 6 بچیاں بھی شامل ہیں۔ جمعرات کو ریسکیو حکام کے مطابق اسکول کی چھت گرنے کا واقعہ پشاور کے علاقے دیر کالونی میں پیش آیا ہے، صبح 8 بج کر 48 منٹ پر اسکول کی چھت گرنے کی اطلاع ملی تھی۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں 33 اور نصیر اللہ بابر میموریل ہسپتال میں 2 افراد کی لاشیں لائی گئیں۔ سی سی پی او پشاور میاں سعید کے مطابق واقعے میں زخمیوں کی تعداد 40 سے زیادہ ہے۔ سی سی پی او میاں سعید کے مطابق نجی اسکول کے مالک کو گرفتار کرلیا ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق آخری اطلاعات تک چھت کے ملبے تلے دبے مزید بچوں اور اسکول کے عملے کی تلاش کے لیے ریسکیو آپریشن جاری تھا۔ دوسری جانب ڈپٹی کمشنر نے (بقیہ 3صفحہ 3پر)

پشاور‘ سکول کی چھت گرنے کے بعد ریسکیو اہلکار اور عوام امدادی کاموں میں مصروف ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا واشک میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار

فتنہ الہندوستان کے خلاف مؤثر کارروائیاں ملک دشمن عناصر کے عزائم ناکام بنانے کے قومی عزم کی عکاس ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع واشک میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بروقت اور مؤثر کارروائی کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم پانچ دہشت گردوں کی ہلاکت دہشت گردی کے خلاف جاری کوششوں میں اہم پیش رفت ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردوں کے ٹھکانے کی تباہی اور اسلحے و (بقیہ 9صفحہ 3پر)

چینی وزیرخزانہ کی محمد اورنگزیب سے ملاقات

شنگھائی تعاون تنظیم کی پاکستان کی سربراہی، آئندہ سربراہی اجلاس کی تیاریوں اور اسلام آباد میں ایس سی او وزرائے خزانہ کے اجلاس کے انعقاد پر گفتگو ہوئی

بنکاک (این این آئی) چینی وزیر خزانہ لان فوان نے وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب سے ملاقات میں پاکستان کی معاشی پیش رفت کا خیر مقدم کیا جبکہ اس موقع پر دونوں ممالک کے درمیان مالیاتی تعاون مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جمعرات کو وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب سے چین کے وزیر خزانہ لان فوان کی ورلڈ بینک گروپ اور عالمی مالیاتی ادارہ (آئی ایم ایف) کے سالانہ اجلاس کے موقع پر بنکاک میں ملاقات ہوئی۔ چین (بقیہ 10صفحہ 3پر)

پاکستان اور اسلامی ترقیاتی بینک کے درمیان 5.6 ارب ڈالر کے ترقیاتی تعاون کو تیز کرنے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزی اقتصادی امور احد چیمہ نے کہا ہے کہ پاکستان اور اسلامی ترقیاتی بینک گروپ کے درمیان بنیادی ڈھانچے کی ترقی، تجارت کے فروغ، نجی سرمایہ کاری اور پولیو کے خاتمے سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید تیز کیا جائے گا (بقیہ 11صفحہ 3پر)

سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں کارروائی، 7 دہشتگرد ہلاک

آپریشن کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم 5 دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے، ہلاک دہشت گردوں کے ٹھکانے سے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی برآمد ہوا

سیکیورٹی فورسز نے 12 اور 13 اکتوبر کی درمیانی شب واشک میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، آئی ایس پی آر

کوئٹہ /اسلام آباد (این این آئی) سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان اور انسانی اسمگلرز کیخلاف کارروائیوں کے نتیجے میں ضلع مستونگ اور واشک میں 7 دہشتگرد ہلاک کردیے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق واشک میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 5 بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد ہلاک کردیئے، سیکیورٹی فورسز نے 12 اور 13 اکتوبر کی (بقیہ 4صفحہ 3پر)

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس، کے پی میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کی تحریک کثرت رائے سے منظور

جن حالات میں ملک پھنس گیا ہے، حاضر جان کر کہتا ہوں یہ ہماری کمزوری اور خامیوں کا نتیجہ ہے، محمود اچکزئی

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کی تحریک کثرت رائے سے منظور کرلی۔ جمعرات کو پارلیمنٹ (بقیہ 12صفحہ 3پر)

کچھی، سیکورٹی فورسز اور مسلح افراد کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ، ایک حملہ آور ہلاک‘ تین زخمی

واقعے کے بعد سیکورٹی فورسز اور پولیس نے پورے علاقے کا گھیراؤ کر کے سرچ آپریشن شروع کردیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی سیکیورٹی فورسز پر مسلح افراد کا حملہ شدید فائرنگ جبکہ جوابی فائرنگ سے ایک حملہ آور ہلاک تین زخمی ہوگئے حملہ آور اپنے زخمیوں ساتھیوں کو اٹھا کر ساتھ لے گئے سیکورٹی فورسز کا علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے پولیس کے مطابق کچھی پولیس تھانہ حاجی شہر کی حدود مین قومی شاہراہ این اے 65 مجی کے قریب دوسہ لاشاری [illegible] (بقیہ 13صفحہ 3پر)

پشاور سکول سانحہ، گورنر فیصل کریم کنڈی کا لواحقین کیلئے 10، 10 لاکھ روپے کا اعلان

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے پشاور کے علاقے دیرکالونی کے سکول میں پیش آنے والے سانحہ میں شہید بچوں کے لواحقین کیلئے 10، (بقیہ 26صفحہ 3پر)

معصوم بچوں کی قیمتی جانوں کا ضیاع انتہائی دلخراش سانحہ ہے‘ جعفر مندوخیل

گورنر بلوچستان کا پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کے افسوسناک واقعے میں معصوم طلبہ کے جاں بحق ہونے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے خیبر پختونخوا کے صوبائی دارالحکومت پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کے افسوسناک واقعے میں معصوم طلبہ کے جاں بحق ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں گورنر بلوچستان نے کہا کہ معصوم (بقیہ 28صفحہ 3پر)

دیر سکول حادثے میں ایک ہی خاندان کے پانچ بچے بھی زندگی کی بازی ہار گئے

پشاور (این این آئی) دیرکالونی پشاور میں نجی سکول کی عمارت گرنے کے واقعے میں ایک ہی خاندان کے پانچ افراد بھی زندگی کی بازی ہار گئے، پانچوں بچے آپس میں قریبی رشتے (بقیہ 27صفحہ 3پر)

خیبرپختونخوا واحد اسمبلی تھی جو آئینی تھی مگر ان کو بھاتی نہیں تھی، محمود اچکزئی

کوئی قالین کا تحفہ بھی لائے تھے، میں نے قلم کا تحفہ دیا، پشین اور چمن سے قومی اسمبلی کا الیکشن لڑ رہا تھا

12 اکتوبر کو دو تہائی اکثریت رکھنے والی جماعت کو گھر بھیجا گیا، 11 اکتوبر بھی ان ہی لوگوں نے کیا جو 12 اکتوبر کو رو رہے تھے، علامہ ناصر عباس

اسلام آباد (این این آئی) قائد حزب اختلاف محمود اچکزئی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا واحد اسمبلی تھی جو آئینی تھی مگر ان کو بھاتی نہیں تھی۔ اپوزیشن رہنماؤں کے ہمراہ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محمود خان اچکزئی نے کہا کہ بینظیر بھٹو اور نواز شریف جیسے سیاسی رہنماؤں نے جمہوریت کے لیے کوششیں کیں۔ انہوں نے کہا کہ 58 ٹو بی جو 5 اسمبلیاں نگل چکی تھی، ایک دن میں ختم ہوگئی، سیاسی رہنماؤں (بقیہ 14صفحہ 3پر)

سرداری نظام کے خاتمے اور آئین و قانون کا پابند بنانے کیلئے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی متفقہ قرارداد سیکریٹری صوبائی اسمبلی کو پیش

آئین کے مطابق تمام شہری برابر ہیں اور کسی کو دوسرے پر قانونی فوقیت حاصل نہیں‘ امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے قائد حق دو تحریک بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے سیکرٹری صوبائی اسمبلی بلوچستان طاہر شاہ کاکڑ سے ملاقات کی اور صوبائی اسمبلی میں پیش کرنے کے لیے سرداری نظام کے خاتمے اور تمام شہریوں کو آئین وقانون کے تابع بنانے سے متعلق ایک قرارداد تحریری طور پر جمع کرائی۔ مجوزہ قرارداد (بقیہ 15صفحہ 3پر)

الیکشن کا انچارج رات ڈھائی بجے تحفہ لے کر میرے گھر آیا، محمود خان اچکزئی کا انکشاف

محسن نقوی کو بھی کسی شریف آدمی نے کہا ہوگا کہ میں 47 پر جیتا ہوں، قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے عام انتخابات میں امیدواروں سے پیسے لیے جانے کا الزام عائد کرتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ جمعیت علمائے اسلام کے ایک امیدوار سے کروڑوں روپے لیے گئے جبکہ ان کے حلقے کے الیکشن کا انچارج رات ڈھائی بجے تحفہ لے کر آیا۔ قائد حزب اختلاف محمود اچکزئی نے علامہ راجا (بقیہ 16صفحہ 3پر)

سرمایہ کاروں کو ہراسانی سے تحفظ دینے کیلئے نیب کی کمیٹی قائم

اسلام آباد (این این آئی) نیب نے سرمایہ کاروں کو ہراسانی سے تحفظ دینے (بقیہ 17صفحہ 3پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف جوائنٹ سیشن میں بلاول بھٹو زرداری سے مصافحہ کررہے ہیں

لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں میں کسی قسم کا ابہام یا بے ضابطگی کی گنجائش نہیں ہونی چاہیے، سلیم کھوسہ

بھرتیوں کے عمل میں میرٹ اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور تمام امیدواروں کے ساتھ یکساں اور منصفانہ طرزِ عمل اختیار کیا جائے گا

محکمہ مواصلات وتعمیرات میں لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں کا عمل مکمل طور پر میرٹ شفافیت اور مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق مکمل کیا جائے گا‘ صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ محکمہ مواصلات وتعمیرات میں لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں کا عمل مکمل طور پر میرٹ شفافیت اور مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق مکمل کیا جائے گا اس ضمن میں کسی قسم کی سفارش دباؤ یا غیر ضروری مداخلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں اور اے ون روڈ کے بجٹ کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا اس موقع پر سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان اور چیف انجینئرز آفیسران (بقیہ 18صفحہ 3پر)

انسانی زندگی کیلئے خوراک بنیادی اہمیت رکھتی ہے، ظہور بلیدی

زمینداروں اور کسانوں کو جدید زرعی ٹیکنالوجی اور طریقوں سے آگاہ کرنا ضروری ہے

صوبے کے مختلف علاقوں میں زرعی ترقی کے متعدد منصوبوں پر کام جاری ہے، جن کا مقصد پیداوار میں اضافہ اور زمینداروں کے لیے بہتر مواقع پیدا کرنا ہے۔ صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ انسانی زندگی کے لیے خوراک بنیادی اہمیت رکھتی ہے، جبکہ خالص، محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ حکومت خوراک کے معیار اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور زرعی شعبے کی ترقی پر توجہ دے رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم خوراک کے موقع پر بلوچستان ایگریکلچر (بقیہ 24صفحہ 3پر)

حکومت کا لوڈ مینجمنٹ کے ذریعے صارفین کو 3 روپے 44 پیسے فی یونٹ اضافی بوجھ سے بچانے کا دعویٰ

اسلام آباد (این این آئی) پاور ڈویژن نے دعویٰ کیا ہے کہ مؤثر اقدامات کے ذریعے ستمبر کی متوقع فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کو 5 سے 6 روپے فی یونٹ سے کم کر کے صرف 2 (بقیہ 22صفحہ 3پر)

چاغی، نامعلوم مسلح افراد کا تھانے پر حملہ، دھماکا خیز مواد سے عمارت تباہ کردی

حملے کے دوران یک مچ بازار میں نصب متعدد سیکیورٹی کیمروں کو بھی فائرنگ کر کے تباہ کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع چاغی کے دورافتادہ علاقے یک مچ میں نامعلوم مسلح افراد نے آج صبح تھانہ یک مچ پر حملہ کرکے بھاری دھماکا خیز مواد سے تھانے (بقیہ 21صفحہ 3پر)

تمبو، نامعلوم مسلح افراد نے کچے مکانات مسمار کردیئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو روپاشاخ کے علاقے میں مسلح افراد کا گاوں پر فائرنگ اور کچے مکانات کو ٹریکٹر کے (بقیہ 19صفحہ 3پر)

میں نے خود سے مزید ایرانی رہنماؤں کو نشانہ نہ بنانے کا وعدہ کیا ہے، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اب مزید ایرانی رہنماں کو نشانہ نہیں بنایا جائے گا، میں نے (بقیہ 20صفحہ 3پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی اور صوبائی مشیر سردار غلام رسول عمرانی ملاقات کررہے ہیں

ڈاکٹر حدبہ خان بلیدی کی وفاقی وزیر اورنگزیب کھچی سے ملاقات

بلوچستان کی تاریخی شناخت، روایتی فنون اور ثقافتی تنوع کو قومی سطح پر مستقل نمائندگی ملنی چاہیے

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ترقی نسواں (بقیہ 25صفحہ 3پر)

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل موسیٰ پوسٹ گریجوایٹ کالج کوئٹہ کے پہلے کانووکیشن کے موقع پر سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن ہاشم خان غلزئی یادگاری شیلڈ پیش کررہے ہیں

بلوچستان میں سی پیک مغربی روٹ پر 310 ارب روپے کے بڑے منصوبے جاری

خضدار، کچلاک شاہراہ کے 330 کلو میٹر طویل منصوبے کے لیے 82.6 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں

سی پیک کے تحت بلوچستان میں مغربی روٹ کی شاہراہوں کے 718 کلو میٹر طویل منصوبوں پر پیشرفت جاری ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں چین پاکستان اقتصادی راہداری کے مغربی روٹ پر 310 ارب روپے کے بڑے منصوبوں پر کام جاری ہے۔ سی پیک کے تحت بلوچستان میں مغربی روٹ کی شاہراہوں کے 718 کلو میٹر طویل منصوبوں پر پیشرفت جاری ہے۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق مغربی زون میں شاہراہوں کے منصوبوں کے لیے مختص فنڈز میں سے 163.17 ارب روپے جاری کیے جاچکے ہیں (بقیہ 23صفحہ 3پر)

خواتین اور نوجوانوں کو کاروبار اور ہنرمندی کی ترقی کی جانب راغب کیا جائے، بلال کاکڑ

بی ایف سی کے ذریعے خواتین کو کاروبار شروع کرنے کے لیے ضروری رہنمائی، سہولیات اور متعلقہ اداروں سے رابطے میں معاونت فراہم کی جائے گی

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا وژن ہے کہ خواتین اور نوجوانوں کو کاروبار اور ہنرمندی کی ترقی کی جانب راغب کیا جائے‘ وائس چیئرمین بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر دیہی خواتین کے عالمی دن کی مناسبت سے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے زیراہتمام کاروباری خواتین کیلئے بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر (BFC) سے متعلق آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں صوبے کے دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والی خواتین انٹرپرینرز نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے اپنے (بقیہ 31صفحہ 3پر)

عوامی صحت کے تحفظ اور آنے والی نسلوں کیلئے صحت مند مستقبل کی بنیاد بھی رکھی جاسکتی ہے‘ نور محمد دمڑ

عوام کو محفوظ، معیاری اور صحت بخش خوراک کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ نے عالمی یوم خوراک 2026 کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عوام کو محفوظ، معیاری اور (بقیہ 29صفحہ 3پر)

انسداد پولیو کی کوششیں پوری قوت کے ساتھ جاری رکھی جائیں گی، بخت محمد کاکڑ

بلوچستان میں تمام 23 ماحولیاتی نمونوں کا منفی آنا گزشتہ تین سال کی مسلسل جدوجہد، شب وروز محنت اور انسداد پولیو کے لیے کیے گئے مؤثر اقدامات کا نتیجہ ہے

پولیو ورکرز کو زخمی کرنے، اغوا کرنے اور دھمکیاں دینے جیسے واقعات کے باوجود ان کا عزم اور ثابت قدمی قابل تحسین ہے‘ وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں پولیو کے خاتمے کی کوششوں میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں پولیو وائرس کی موجودگی جانچنے کیلئے لیے گئے تمام 23 ماحولیاتی نمونوں کے نتائج منفی آئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے اس پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے انسداد پولیو کے لیے جاری اقدامات کو مزید مؤثر بنانے اور ان کا تسلسل برقرار رکھنے کی ہدایت کی ہے۔ (بقیہ 33صفحہ 3پر)

جی ٹی اے آئینی ڈسٹرکٹ واشک کے وفد کی میر حاجی زاہد علی ریکی سے ملاقات

اساتذہ کرام تعلیمی نظام کی بہتری اور نئی نسل کے مستقبل کو سنوارنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں

ماشکیل (این این آئی) جی ٹی اے آئینی ڈسٹرکٹ واشک کے ڈپٹی (بقیہ 30صفحہ 3پر)

پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کا واقعہ انتہائی تکلیف دہ ہے‘ سیدال ناصر

بچوں کی جانوں کا ضیاع ناقابلِ تلافی نقصان ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ + اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے پشاور کے علاقے دیر کالونی میں نجی اسکول کی چھت منہدم ہونے کے افسوسناک حادثے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سیدال خان ناصر نے اس المناک حادثے کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے بچوں کے والدین اور دیگر اہلِ خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس کربناک گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کا (بقیہ 32صفحہ 3پر)

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو قلعہ عبداللہ میں امن وامان سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

واقعے کی شفاف تحقیقات کرکے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے‘ امیر حمزہ زہری

پشاور واقعے پر اظہار افسوس، گورنر راج پی ٹی آئی حکومت کو جواب دہی سے بری نہیں کرتا، صوبائی مشیر

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کے واقعے میں معصوم طلباء کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار خاندانوں سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ معصوم بچے روشن مستقبل کے خواب لے کر اسکول گئے تھے، لیکن اس افسوسناک سانحے نے ان کے خاندانوں کو ناقابلِ بیان غم سے دوچار کردیا۔ بچوں کی قیمتی جانوں (بقیہ 34صفحہ 3پر)

روزنامہ
Daily
BALOCHISTAN Observer
Quetta
بلوچستان آبزرور
کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بالمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ، فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

پاکستان عمان مشترکہ وزارتی کمیشن کا اجلاس

پاکستان اور عمان نے آٹھویں پاکستان-عمان مشترکہ وزارتی کمیشن کے اجلاس کی کارروائی کو باضابطہ شکل دینے والے پروٹوکول، سفارتی، خصوصی، سرکاری اور سروس پاسپورٹ رکھنے والوں کیلئے باہمی ویزا استثنی کے معاہدے اور ریکارڈ و آرکائیوز کے شعبے میں مفاہمت کی یادداشت، اطلاعات ونشریات، آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن اور خبروں کے تبادلے و ذرائع ابلاغ کے شعبوں میں تعاون کی یادداشت سمیت 6 معاہدوں اور یادداشتوں پر دستخط کیے ہیں۔ عمان کے وزیر خارجہ سید بدر بن حمد بن حمود البوسعیدی کے آٹھویں پاکستان-عمان مشترکہ وزارتی کمیشن کے اجلاس کیلئے دورہ پاکستان کے دوران وزیراعظم محمد شہباز شریف نے چھ معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں کے تبادلے کی تقریب کا مشاہدہ کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور عمان کے وزیر خارجہ سید بدر بن حمد بن حمود البوسعیدی نے آٹھویں پاکستان-عمان مشترکہ وزارتی کمیشن کے اجلاس کی کارروائی کو باضابطہ شکل دینے والے پروٹوکول، سفارتی، خصوصی، سرکاری اور سروس پاسپورٹ رکھنے والوں کیلئے باہمی ویزا استثنی کے معاہدے اور ریکارڈ و آرکائیوز کے شعبے میں مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے۔ باقی تین مفاہمتی یادداشتوں پر وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ اور وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن بجیٹاہ فاطمہ خواجہ نے دستخط کیے۔ ان یادداشتوں میں اطلاعات ونشریات، آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن اور خبروں کے تبادلے و ذرائع ابلاغ کے شعبوں میں تعاون شامل ہے۔ ان معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ پاکستان اور عمان کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے اور دیرینہ دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم کا عکاس ہے۔

اور ایمرجنسی لگ گئی

کافی دن سے جاری وفاقی حکومت پاکستان، صوبائی حکومت خیبر پختونخوا اور اپوزیشن کی لفظی جنگ آخر کار ایک بند گلی میں داخل ہوگئی۔ دونوں اطراف مذاکرات کی ناکامی کا ملبہ ایک دوسرے پر ڈالتے رہے، اور آخر کار مفاہمت کی کوئی صورت نظر نہ آنے پر 11 اکتوبر 2026 کو وفاقی کابینہ کی مشاورت کے فیصلے کے مطابق وزیراعظم جناب شہباز شریف نے صدر مملکت جناب آصف علی زرداری کو خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے لئے خط لکھ ہی ڈالا۔ جس پر سرکاری و آئینی تصدیقی مہر ثبت کرتے ہوئے صدر مملکت نے فوری طور پر خیبر پختونخوا میں ایجنسی کا نفاذ کرتے ہوئے تمام صوبائی اختیارات گورنر جناب فیصل کریم کنڈی کے سپرد کر دیئے گئے۔ صوبائی وزیراعلیٰ جناب سہیل آفریدی کو کابینہ سمیت برطرف کردیا گیا، اور صوبائی اسمبلی کو معطل کر دیا گیا ہے۔

گو پاکستان میں ایمرجنسی کا نفاذ کوئی نئی بات نہیں ہے۔ 79 سال میں متعدد بار عوام اس کا تجربہ کر چکی ہیں۔ پاکستان میں وفاقی آئین معطلی سمیت 9 بار وفاقی سطح پر ایمرجنسی جیسی صورتحال کا سامنا رہا ہے، جبکہ 15 بار مختلف صوبوں میں صوبائی سطح پر ایمرجنسی کا نفاذ ہو چکا ہے۔ اس سلسلے میں صدر پاکستان جناب آصف علی زرداری یوں زیادہ نمایاں ہیں، کہ وہ واحد صدر ہیں جنہوں نے تین مختلف صوبوں میں ایمرجنسی کے نفاذ پر دستخط کئے ہیں۔ جن میں 2009 میں پنجاب، 2013 میں بلوچستان اور اب 2026 میں خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے اعلان پر دستخط ثبت کر چکے ہیں۔

فی الحال جو وجوہات اس موجودہ ایمرجنسی کی بابت عوام کو بتائی جا رہی ہیں، ان میں سے سب سے بڑی وجہ صوبہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کی کارروائیوں میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔ مزید اس کی روک تھام میں صوبائی حکومت کی نااہلی کو پہلا بڑا نکتہ قرار دیا جا رہا ہے۔ 2024 سے 2026 کے دوران یہ دہشت گردانہ کاروائیاں تقریباً 8600 واقعات تک پہنچ چکی ہیں۔ وفاقی حکومت کا الزام ہے کہ صوبائی حکومت اس معاملے میں وفاق کی سنجیدہ کوششوں پر بھرپور طریقے سے عمل کرنے میں ناکام رہی ہے۔

ہر سو ہے تماشہ
عامر نعمان

ایمرجنسی لگانے کے فیصلے میں آئین کے تین آرٹیکلز کا سہارا لیا گیا ہے جن میں آرٹیکلز 232، 234 اور 245 شامل ہیں۔ آرٹیکل 232 کے تحت شدید بدامنی کی صورت میں صدر پاکستان نے وفاقی حکومت کے کہنے پر ایمرجنسی کا نفاذ کردیا ہے۔ اس کے تحت وفاقی حکومت کو صوبائی معاملات میں اضافی اختیارات حاصل ہو گئے ہیں۔ ابھی اس آرٹیکل کی مدت دو ماہ ہے؛ جو پارلیمنٹ کی منظوری سے بڑھائی جاسکتی ہے۔

آرٹیکل 234 کے تحت یہ تسلیم کرلیا گیا ہے کہ صوبائی حکومت اپنی کارکردگی میں ناکام ہو چکی ہے۔ اس لئے تمام اختیارات گورنر کو حاصل ہو گئے ہیں، اور صوبائی اسمبلی کے اختیارات پارلیمنٹ کو مل گئے ہیں۔

آرٹیکل 245 کے تحت انتظامی امور کے لئے فوج کو طلب کیا گیا ہے، تاکہ وہ امن وامان قائم رکھنے میں صوبائی انتظامیہ کی مدد کرسکے۔ وفاقی حکومت نے پارلیمنٹ سے ایمرجنسی کے نفاذ کی توثیق بھی کروالی ہے

ایمرجنسی کا نفاذ کسی بھی جمہوری ملک میں جمہوریت کی روح کے منافی قدم ہے۔ اس لئے حکومت بھی یہ کہہ کر اس نفاذ کا دفاع کر رہی ہے، کہ بحالت مجبوری یہ انتہائی قدم اٹھایا گیا ہے۔ اپوزیشن کی تمام جماعتوں بشمول پی ٹی آئی، جمعیت علمائے اسلام، پختونخوا ملی عوامی پارٹی، مجلس وحدت المسلمین نے اس ایمرجنسی کے مخالفت کرتے ہوئے اس کو صوبائی حکومت پر شب خون کے مترادف قرار دیا ہے۔ انہوں نے اس اقدام پر بھرپور مزاحمت کا عندیہ ضرور دیا ہے، لیکن فی الحال کوئی بہت مضبوط ردعمل کے آثار نظر نہیں آ رہے ہیں۔ سوشل میڈیا پر ایمرجنسی کے خلاف بھرپور تحریک نظر آنے کے باوجود سڑکوں پر عوامی احتجاج میں بھرپور افرادی قوت نہ ہونے کی وجہ سے وفاقی حکومت کو اپنے اس قدم پر تا حال کسی بڑی رکاوٹ کا سامنا نظر نہیں آ رہا ہے۔ وزیراعلیٰ جناب سہیل آفریدی گرفتار ہو چکے ہیں۔ مزید کوئی ہائی لیول صوبائی قیادت احتجاج کے لئے آگے منظر عام پر نظر نہیں آ رہی ہے؛ جبکہ پی ٹی آئی کی مرکزی قیادت سڑکوں سے زیادہ پارلیمنٹ میں احتجاج ریکارڈ کرنے پر اپنی توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے۔

اپوزیشن لیڈر جناب محمود خان اچکزئی کی طرف سے یہ عندیہ ضرور دیا جا رہا ہے کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کا اجلاس بلا کر آئندہ کا لائحہ عمل مرتب کیا جائے گا۔ سب منتظر ہیں کہ اپوزیشن اس لائحہ عمل کے بعد کتنا بھرپور عوامی مظاہرہ کر پاتی ہے۔

فی الحال انتظار ہی کیا جاسکتا ہے۔ مستقبل میں ہی اس حکومتی فیصلے کے نتائج سامنے آئیں گے۔ اس فیصلے کے اقدامات سے سیاسی منظر نامہ کتنا تبدیل ہوسکتا ہے، اس کی بھی تصویر جلد سامنے آ جائے گی۔ ایمرجنسی جمہوری معاشروں میں ایک جز وقتی حل تو ہوسکتی ہے، لیکن ایک کل وقتی حل کے لئے تمام سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر ایک جامع لائحہ عمل ضرور مرتب کرنا چاہیے؛ تاکہ جمہوریت یوں بار بار پٹری سے ڈی ریل نہ ہوسکے۔ دیکھتے ہیں وفاقی حکومت کے ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد کی صورتحال کے دعوے کتنے پورے ہوتے ہیں۔ کیا ایمرجنسی سے وابستہ تمام توقعات پوری ہو سکیں گی؟ دہشت گردی کے بڑھتے واقعات کی روک تھام ہو سکے گی؟ صوبائی امن وامان میں اضافہ ہو سکے گا؟ سیاسی مسائل کا سیاسی طریقے سے حل نکالا جا سکے گا؟

دعا ہے کہ تمام معاملات خوش اسلوبی سے طے ہوسکیں، اور عوامی راج کا سورج خیبر پختونخوا پر دوبارہ جلد طلوع ہو سکے۔

خوابِ غفلت میں قوم اور درویش کی چیخ-جلال الدین سے کیسینڈرا تک

قارئین محترم، ہمارے ایک باخبر اور محترم مصنف تجزیہ نگار و دانشور اور معتبر جامع شخصیت احمد خان اچکزئی نے گزشتہ شام جو پیغام بھیجا، وہ محض ایک عام تبصرہ نہیں بلکہ ہماری اجتماعی قومی نفسیات کا ایک دردناک نوحہ ہے۔ انہوں نے لکھا: "قوم خوابِ غفلت میں سو رہی ہے اور اسے سنجیدہ فکر کے بجائے صرف انٹرٹینمنٹ کا مواد چاہیے۔ وہ مواد جو انہیں آنے والے کل کے بحرانوں اور عفریت سے خبردار کرے، ان کی توجہ حاصل نہیں کر پاتا۔ جس تلخ حقیقت کی آپ پیش گوئی کر رہے ہیں، وقت آنے پر اس قوم کو احساس ہوگا کہ ایک درویش آیا تھا جو چیخ چیخ کر خبردار کر رہا تھا، مگر لوگ خوابِ خرگوش میں مست رہے اور اب اس کا خمیازہ بھگت رہے ہیں۔ آپ کی مثال سلطان جلال الدین خوارزم شاہ جیسی ہے جو عباسیوں کو منگولوں کے عفریت سے خبردار کر رہا تھا، لیکن آخری عباسی خلیفہ مستعصم باللہ اس کی انتہائی صداؤں کو یہ کہہ کر نظرانداز کرتا رہا کہ جلال الدین محض سازشی نظریات گھڑ رہا ہے۔ خلیفہ کا زعم تھا کہ پانچ صدیوں پر محیط خلافت کو کون للکار سکتا ہے؟ بالآخر 1258ء میں جب بغداد کو منگولوں نے تخت و تاراج کیا اور مستعصم باللہ کو منگول کمانڈر کے سامنے زنجیروں میں جکڑ کر لایا گیا، تو اس نے اعتراف کیا کہ کاش میں نے جلال الدین خوارزم شاہ کی بات سن لی ہوتی تو آج اس حال کو نہ پہنچتا۔" خان صاحب کے اس دردِ دل پر میرا جواب وہی ہے جو ہر باضمیر اور سچے قلم کار کے دل کی آواز ہوتی ہے۔ میں نے ان سے عرض کیا کہ آپ نے دل کی بات کہہ دی اور وہ بھی ایک ایسی تاریخی مثال سے جو پتھر پر لکیر ہے۔ جس کرب سے ایک حساس فکر پرور انسان گزرتا ہے، اسے نفسیات میں "کیسینڈرا کمپلیکس" کہتے ہیں۔ یونانی اساطیر میں کیسینڈرا ایک ایسی بصیرت مند عورت تھی جسے سچائی اور مستقبل کو دیکھنے کی صلاحیت حاصل تھی، مگر اسے یہ بددعا بھی ملی تھی کہ کوئی اس کی بات پر یقین نہیں کرے گا۔ وہ چیختی رہی کہ ٹرائے تباہ ہونے والا ہے، مگر لوگ اس کا مذاق اڑاتے رہے۔ تاریخی لحاظ سے جلال الدین خوارزم شاہ کی مثال اس سے بھی زیادہ گہری اور سبق آموز ہے۔ جلال الدین کوئی عام حکمران نہیں تھا، بلکہ وہ واحد مسلم سپہ سالار تھا جس نے چنگیز خان کو میدانِ جنگ میں دھول چٹائی تھی۔ وہ اس طوفان کی تباہ کاریوں سے واقف تھا۔ وہ 1220ء سے 1231ء تک گیارہ سال تک در بدر پھر کر عباسیوں اور سلجوقیوں کو خبردار کرتا رہا کہ "متحد ہو جاؤ، یہ آندھی سب کچھ بہا لے جائے گی۔" لیکن بغداد کے دربار میں کیا ہو رہا تھا؟ مستعصم باللہ کا وزیر ابن العلقمی اور دیگر درباری اسے فتنہ پرور، اقتدار کا بھوکا اور سازشی تھیوریاں بنانے والا قرار دیتے رہے۔ ان کا غرور یہ تھا کہ بغداد پانچ سو سال سے قائم و دائم ہے، یہاں مدرسہ نظامیہ موجود ہے اور دنیا بھر کی دولت یکجا ہے، ہمیں کون نقصان پہنچا سکتا ہے؟ اس کا انجام تاریخ کے اوراق میں درج ہے۔ 1258ء میں جب ہلاکو خان نے بغداد کا محاصرہ کیا تو مستعصم نے وہی کیا جو غفلت میں ڈوبا ہر حکمران کرتا ہے؛ اس نے سونے جواہرات بھیجے تاکہ جان بخشی ہو سکے۔ ہلاکو خان نے اسی خزانے کے ساتھ اسے قید کر کے بھوکا مار دیا اور تاریخی روایت کے مطابق کہا: "جو سونا تو نے اپنی فوج اور دفاع پر خرچ کرنا تھا وہ اپنے پاس جمع رکھا، اب اسی کو کھاؤ۔"

تلخ حقیقت
Ranzooryar18@gmail.com
محمد نسیم رنزوریار

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب قوم سو رہی ہو تو صاحبِ قلم کو کیا کرنا چاہیے؟ امام غزالی اس نکتے پر فرماتے ہیں کہ درویش کا کام صرف جگانا ہے؛ اس کے بعد انتباہ کو ماننا یا نہ ماننا قوم کا عمل ہے۔ اس سفر میں تین بنیادی حقائق مدنظر رکھنے چاہئیں: اوّل: قومیں یکلخت نہیں جاگتیں، بلکہ وہ حادثات اور تلخ تھپڑ کھا کر بیدار ہوتی ہیں۔ ایک تجزیہ نگار کا کام ان تھپڑ اور حادثات سے پہلے آواز بلند کرنا ہے تاکہ جب قوم کی آنکھ کھلے تو انہیں معلوم ہو کہ اب کیا قدم اٹھانا ہے۔ آپ کی بلند کردہ آواز تاریخ کے ریکارڈ پر درج ہو چکی ہے اور یہی سب سے بڑا ثبوت ہے۔

دوئم: سطحی تفریح خود ایک نشہ ہے۔ جس طرح تجربہ گاہ کے ایک چوہے کو جب تک سازگار ماحول اور پارک نہ ملا، وہ نشے کے سوراخ سے ہی دل بہلاتا رہا، اسی طرح ہماری قوم کو بھی جب تک متبادل امید اور بہتر مواقع فراہم نہیں ہوں گے، وہ ٹک ٹاک، میمز اور فضول تنازعات کے ڈیجیٹل نشے میں مبتلا رہے گی۔

سوئم: جلال الدین خوارزم شاہ کو ہزیمت کی علامت نہیں سمجھا جاتا۔ تاریخ عباسی خلیفہ کو یاد نہیں کرتی، لیکن جلال الدین کو آج بھی غیرت، ہمت اور جرات کا نعم البدل تسلیم کیا جاتا ہے۔ اگر انسان سچائی پر قائم ہے تو تعداد کی کمی سے کوئی فرق نہیں پڑتا؛ وقت اسے مستعصم کے صف میں نہیں بلکہ جلال الدین کے ساتھ کھڑا کرے گا۔ اس لیے لکھتے رہنا اور خبردار کرتے رہنا ہی اصل ذمہ داری ہے تاکہ کل جب کوئی پوچھے کہ کیا تباہی سے پہلے کسی نے بیدار کرنے کی کوشش کی تھی؟

☆☆☆☆

مٹی کی خوشبو اور رشتوں کی دھوپ

انسان جب دنیا میں آنکھ کھولتا ہے تو اس کے ہاتھ خالی ہوتے ہیں مگر اس کے گرد محبت کے بے شمار ہاتھ پھیلے ہوتے ہیں۔ ماں کی آغوش، باپ کی انگلی، گھر کی دہلیز، صحن میں پھیلا ہوا سایہ اور بزرگوں کی دعائیں یہی وہ پہلی دولت ہے جس سے انسان اپنی زندگی کا سفر شروع کرتا ہے۔ اس وقت اسے معلوم نہیں ہوتا کہ زندگی کے سب سے قیمتی خزانے وہ ہیں جن کی کوئی قیمت مقرر نہیں کی جاسکتی۔ وقت گزرتا ہے تو انسان کے قدم گھر کی دہلیز سے نکل کر دنیا کی وسعتوں میں پھیلنے لگتے ہیں۔ اس کی آنکھوں میں خواب اترتے ہیں، خواہشیں انگڑائیاں لیتی ہیں اور کامیابی کی منزلیں اسے اپنی طرف بلانے لگتی ہیں۔ وہ بہتر مستقبل کی تلاش میں نکلتا ہے جو یقیناً اس کا حق ہے لیکن کبھی کبھی منزلوں کی تلاش میں وہ ان راستوں کو بھول جاتا ہے جن پر چل کر اس نے سفر کرنا سیکھا تھا۔ یہی انسانی زندگی کا ایک عجیب المیہ ہے کہ انسان جس سایے میں پروان چڑھتا ہے اور جوان ہوکر بھی اسی سایے کو اپنی راہ کی رکاوٹ سمجھنے لگتا ہے۔ گاؤں کی مٹی میں ایک عجیب خوشبو ہوتی ہے۔ یہ خوشبو صرف بارش کے بعد زمین سے نہیں اٹھتی بلکہ اس میں بچپن کی شرارتیں، ماں کی صدائیں، باپ کی محنت، دوستوں کی ہنسی اور شام کے وقت گھر لوٹتے ہوئے قدموں کی آہٹ بھی شامل ہوتی ہے۔ وہاں وقت شاید گھڑی کی سوئیوں سے کم اور لوگوں کی پہچان سے زیادہ ناپا جاتا ہے۔ کسی کے گھر میں خوشی ہو تو پورا محلہ شریک ہوتا ہے اور کسی کے آنگن میں غم اترے تو دروازے پر دستک دینے والوں کی کمی نہیں رہتی۔ پھر شہروں کی وسعتیں انسان کو اپنی طرف کھینچتی ہیں۔ بلند عمارتیں، روشن بازار، مصروف سڑکیں اور کامیابی کے نئے امکانات اس کے خوابوں کو وسعت دیتے ہیں مگر ان وسعتوں کے درمیان ایک ایسی تنہائی بھی جنم لیتی ہے جسے اکثر کوئی نام نہیں دیا جاتا۔ ایک ہی عمارت میں رہنے والے لوگ برسوں ایک دوسرے کے پڑوسی رہتے ہیں مگر ایک دوسرے کے دکھ سے ناواقف ہوتے ہیں۔ دروازے محفوظ ہوجاتے ہیں مگر دلوں کے درمیان فاصلے بڑھنے لگتے ہیں۔ کیا ترقی کا مطلب صرف یہ ہے کہ ہمارے مکان بلند ہوجائیں اور ہمارے تعلقات چھوٹے؟ کیا کامیابی اسی کا نام ہے کہ ہمارے پاس سہولتیں تو بہت ہوں مگر کسی کی خاموشی سننے کے لیے وقت نہ ہو؟ یہ سوال کسی ایک شخص سے نہیں ہمارے پورے معاشرے سے ہے۔ ہم ایک ایسے زمانے میں جی رہے ہیں جہاں رابطے کے ذرائع پہلے سے کہیں زیادہ ہیں لیکن رابطے کی روح کہیں کمزور پڑتی دکھائی دیتی ہے۔ انگلیوں کی ایک جنبش سے ہزاروں میل دور بیٹھے انسان تک پیغام پہنچ جاتا ہے مگر ساتھ والے کمرے میں بیٹھے کسی اپنے سے دو محبت بھرے جملے کہنا دشوار محسوس ہوتا ہے۔ چہروں کی تصویریں محفوظ کرنے کا اہتمام بڑھ گیا ہے مگر ان چہروں پر گزرتے ہوئے دکھ کو پڑھنے کی فرصت کم ہوگئی ہے۔ ہم دوسروں کی خوشیوں کی تصویریں دیکھتے ہیں، ان کی کامیابیوں پر تبصرے کرتے ہیں اور اپنی زندگی کے بہترین لمحے دنیا کو دکھانے میں مصروف رہتے ہیں لیکن زندگی کے وہ سادہ لمحے، جن میں کسی کے سر پر ہاتھ رکھنا اور کسی کی بات خاموشی سے سن لینا یا کسی تھکے ہوئے انسان کے لیے پانی کا گلاس رکھ دینا شامل ہے اکثر ہماری نگاہوں سے اوجھل رہتے ہیں۔ حالانکہ زندگی کی اصل خوب صورتی انہی معمولی دکھائی دینے والے اعمال میں پوشیدہ ہے۔ رشتے کسی معاہدے کے محتاج نہیں ہوتے انہیں کاغذ پر لکھی ہوئی شرائط نہیں بلکہ دل میں موجود احساس زندہ رکھتا ہے۔ ایک ماں اپنے بیٹے کی کامیابی سے خوش ہوتی ہے مگر اس کی خوشی کا سب سے بڑا لمحہ شاید وہ ہوتا ہے جب برسوں بعد وہی بیٹا اس کے پاس بیٹھ کر اپنے بچپن کی باتیں کرنے لگتا ہے۔ ایک باپ اپنی اولاد کے لیے عمر بھر محنت کرتا ہے لیکن اس کی تھکی ہوئی آنکھوں کو کبھی کبھی صرف اتنا سننا ہوتا ہے کہ آپ نے ہمارے لیے بہت کچھ کیا ہے۔ بزرگوں کی زندگی بھی ایک کھلی کتاب کی مانند ہوتی ہے۔ ان کے چہروں کی جھریوں میں وقت کے نقش اور ان کی خاموشیوں میں کئی زمانوں کی داستانیں چھپی ہوتی ہیں۔ ہم اکثر ان کی باتوں کو پرانے زمانے کی حکایت سمجھ کر نظرانداز کردیتے ہیں حالاں کہ ان کے تجربات وہ راستے ہیں جن پر چل کر ہم بہت سی ٹھوکروں سے بچ سکتے ہیں۔ افسوس یہ نہیں کہ زمانہ بدل رہا ہے زمانے کا بدلنا تو فطرت کا اصول ہے۔ افسوس یہ ہے کہ کہیں ہم تبدیلی کے نام پر اپنی انسانی قدروں سے دست بردار تو نہیں ہورہے۔ روایت کا مطلب ماضی میں قید ہوجانا نہیں اور جدیدیت کا مطلب اپنے وجود کی جڑیں کاٹ دینا بھی نہیں۔ درخت جتنا بھی بلند ہوجائے اس کی زندگی کا انحصار ان جڑوں پر رہتا ہے جو زمین کی تاریکی میں خاموشی سے اپنا کام کرتی ہیں۔ اگر جڑیں خشک ہوجائیں تو شاخوں کی سرسبزی زیادہ دیر قائم نہیں رہ سکتی۔ انسان بھی اپنی تہذیب، زبان، خاندان اور اجتماعی یادداشت سے وابستہ رہ کر ہی اپنی شناخت مکمل کرتا ہے۔ جو معاشرہ اپنے بزرگوں کے تجربے، اپنی زبان کی لطافت اور اپنے رشتوں کی حرمت کو بھلا دیتا ہے وہ بظاہر ترقی کے بہت سے سنگ میل عبور کرلیتا ہے مگر اندر سے ایک ایسی کمی کا شکار ہوجاتا ہے جسے دولت اور آسائش بھی پورا نہیں کرسکتیں۔

03337752771
حافظ محمد صدیق مدنی
siddique.madani@gmail.com

معیشت

نبی کریمؐ کے اخلاق حسنہ

نبی آخر الزماں حضرت محمدؐ کی ولادت باسعادت مکہ معظّمہ میں ہوئی۔ ایک روایت کے مطابق اس روز دوشنبہ 12 ربیع الاول عام الفیل بمطابق 22 اپریل 561ء کی مبارک ساعت تھی۔ آپ کے والد ماجد حضرت عبداللہ آپ کی ولادت سے 4 ماہ قبل وصال فرما گئے تھے۔ آپ کی والدہ ماجدہ کا نام حضرت آمنہؓ تھا۔

حضرت عبدالمطلب نے اپنے پوتے حضرت محمد کو سینے سے لگایا۔ دادا نے آپ کا نام محمد رکھا اور آپ کی والدہ ماجدہ نے آپ کا نام احمد رکھا۔ عبدالمطلب نے اپنے پوتے حضرت محمد کی پیدائش کے ساتویں روز قربانی کی۔ عرب میں رواج تھا کہ شہر کے امراء اور شرفاء اپنے بچوں کو پرورش کیلئے دیہات میں بھیج دیتے تھے تاکہ ان کے بچے بدوی قبائل میں رہ کر جرات‘ شجاعت اور فصاحت و بلاغت کے اوصاف سے متصف ہو سکیں۔ ولادت کے آٹھویں روز نبی اکرم کو ابولہب کی لونڈی ثوبیہ کے سپرد کردیا گیا تاکہ وہ آپ کی پرورش اور تربیت کریں مگر چندروز بعد عرب کے دستور کے مطابق آپ کو قبیلہ بنو سعد کی حضرت حلیمہ سعدیہؓ کے سپرد کیا گیا۔ حضرت حلیمہ سعدیہؓ نبی اکرم کو ہر چھ ماہ بعد آپ کی والدہ ماجدہ اور دوسرے رشتہ داروں سے ملانے لاتی تھیں۔ آپ چار سال تک حضرت حلیمہ سعدیہ کی گود میں تربیت حاصل کرتے رہے۔ پھر وہ آپ کو حضرت آمنہؓ کے پاس لے آئیں۔ حضرت حلیمہ سعدیہؓ سے آپ کو بہت زیادہ محبت تھی۔ ایک مرتبہ وہ آپ سے ملنے آئیں تو آپ ''میری ماں میری ماں'' کہہ کر ان سے لپٹ گئے۔

آپ کی عمر جب چھ برس کی ہوئی تو آپ کی والدہ آپ کو اپنے ہمراہ یثرب لے گئی تاکہ آپ کو آپ کے والد ماجد کی قبر کی زیارت کرا سکیں۔ تقریباً ایک ماہ قیام کے بعد واپسی پر وہ علیل ہوگئیں اور ابواء کے مقام پر وصال فرما گئیں۔ اس سفر میں آپ کی خادمہ ام ایمن بھی ہمراہ تھی۔ وہ آپ کو مکہ مکرمہ لے آئیں اور والدہ ماجدہ کے وصال کے بعد آپ کی پرورش فرمائی۔ حضرت عبدالمطلبؓ آپ سے بے انتہا محبت کرتے تھے۔ ہمیشہ اپنے ساتھ رکھتے۔ آپ کے بغیر کھانا تناول نہ فرماتے۔ آپ کے دادا کے وصال کے بعد آپ کی پرورش کی ذمہ داری آپ کے حقیقی چچا ابو طالب نے سنبھالی۔ ابو طالب آپ کو اپنی اولاد سے زیادہ عزیز جانتے تھے۔ بارہ سال کی عمر میں آپ نے اپنے چچا ابوطالب کے ساتھ شام کا سفر کیا۔ راستہ میں بحیرہ نامی ایک عیسائی راہب نے آپ کے چچا سے کہا کہ اس بچہ کو اپنے ہمراہ شام نہ لے جائیں‘ مجھے اندیشہ ہے کہ یہودی آپ کو نقصان پہنچائیں گے۔ چنانچہ آپ کے چچا ابو طالبؓ نے آپ کو اپنے غلاموں کے ہمراہ بصرہ سے واپس مکہ بھیج دیا۔

مکہ مکرمہ میں ایک نہایت معزز خاتون حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ رہتی تھیں جن کی شرافت اور پاکدامنی کی وجہ سے انہیں طاہرہ کہا جاتا تھا۔ چونکہ وہ خود تجارت نہ کرسکتی تھیں‘ اس لئے وہ مختلف لوگوں کے ذریعے تجارت کرتی تھیں حضرت خدیجہؓ نے جب نبی کریم کی دیانتداری اور امانت کی شہرت سنی تو آپ کو پیغام بھیجا کہ اگر آپ میرا مال ملک شام لے جائیں۔ آپ نے اس پیشکش کو قبول فرمایا۔ اس مرتبہ آپ کو بہت زیادہ منافع ہوا اور حضرت خدیجہؓ کے غلام میسرہ نے واپس آ کر نبی کریم کے اخلاق حسنہ کی تعریف کی۔ اس سے حضرت خدیجہؓ آپ کے اخلاق سے بہت متاثر ہوئیں۔ اور آپ کے چچا کو نبی کریم سے شادی کی درخواست بھجوائی۔ اس وقت آپ کی عمر مبارک 25 برس تھی اور حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کی عمر مبارک 40 برس تھی۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کے بطن سے چار بیٹے اور چار بیٹیاں ہوئیں۔ بیٹوں میں قاسم‘ طاہر‘ ابراہیم اور عبداللہ تھے جو قبل از اسلام وصال فرما گئے تھے۔ بیٹیوں کے ناموں میں حضرت زینبؓ حضرت ام کلثومؓ ‘ حضرت رقیہؓ اور حضرت فاطمۃ الزہرہؓ تھیں۔

ساعت نبوت کے منصب پر فائز ہونے سے سات سال قبل آپ فرصت پا کر مکہ سے تین میل دو پہاڑیوں کے سلسلہ غار حرا میں تشریف لے جاتے۔ ہر سال رمضان المبارک اسی غار حرا میں گزارتے۔ اسی عرصہ میں آپ جو خواب دیکھتے‘ اگلے روز وہ سچ ثابت ہوتے۔ جب نبی کریم کی عمر 40 برس ہوئی اور 9 ربیع الاول بمطابق 12 فروری 610ء کو آپ غار حرا میں عبادت میں مصروف تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نمودار ہوئے اور عرض کیا میں خوشخبری لایا ہوں کہ آپ اللہ تبارک وتعالیٰ کے رسول ہیں۔ اس کے بعد روح الامینؑ نے کہا اقراء (پڑھیے) آپ نے جواب دیا ما انا بقاری (میں پڑھنا نہیں جانتا) پھر حضرت جبرائیلؑ نے آپ کو کہا پڑھیے آپ نے پھر وہی جواب دیا۔ حضرت جبرائیلؑ نے آپ سے تیسری مرتبہ اپنے سینے سے لگا کر بھینچا اور کہا پڑھیے۔ پھر جبرائیلؑ نے آپ کو اللہ تبارک وتعالیٰ کا یہ پیغام پہنچایا۔

ترجمہ:۔ (پڑھیے اللہ تعالیٰ کے نام سے جس نے پیدا کیا انسان کو خون کے لوتھڑے سے۔ پڑھیے اور آپ کا رب سب سے بزرگ ہے جس نے قلم سے تعلیم دی انسان کو سکھا دیا جو وہ نہ جانتا تھا۔) (سورۃ العلق 1 تا 4)

گھر واپس آئے تو آپ نے آیات مبارک کو دہرایا اور حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ سے ماجرہ بیان کیا۔ خدیجۃ الکبریٰ کو سنایا تو حضرت خدیجہؓ نے کہا۔ آپ کو کاہے کا ڈر ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کا نگہبان ہوگا۔ آپ سب سے اچھا سلوک کرتے ہیں۔ راست گفتار اور امانت گزار ہیں۔ لوگوں کا بوجھ اٹھاتے ہیں۔ حضرت خدیجہؓ آپ کو اپنے چچازاد بھائی ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں تو انہوں نے آپ کو تسلی دی اور کہا ''آپ اس امت کے نبی ہیں۔'' اس کے بعد آپ کو دعوت دین کا حکم ہوا۔

ترجمہ: اے چادر اوڑھنے والے! کھڑے ہو جاؤ۔ پھر ڈر سناؤ اور اپنے رب کی ہی بڑائی بولو اور اپنے کپڑے پاک رکھو اور بتوں سے دور رہو۔

چنانچہ نبی کریم نے اپنا فریضہ تبلیغ شروع فرمایا۔ پہلے آپ نے ایک صحابی حضرت ارقم مخزومی کے مکان پر تعلیم دین کا سلسلہ شروع ہو۔ تقریباً تین سال تک رسول نے خفیہ تبلیغ کی اور پھر اللہ کے حکم پر اعلانیہ تبلیغ کا آغاز کیا۔ چنانچہ تبلیغ دین کا جو پودا رسول نے لگایا تھا بالآخر ایک تن آور درخت کی شکل اختیار کر گیا۔

نبی کریمؐ کا اسوۂ حسنہ اور تعلیمات قیامت تک کیلئے محفوظ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نبی آخرالزماں ہیں۔ آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آنا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے جہاں قیامت تک قرآن پاک کی حفاظت کا ذمہ لیا ہے، بالکل اسی طریقے سے خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوۂ حسنہ اور آپ کی تعلیمات کو بھی محفوظ رہنا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کی اُمت آپ کی قائم مقام ہے کہ اس مشن کو لے کر اُٹھے اور اس ہدایت کی علم بردار بنے۔ آپ کی تعلیمات کا خود بھی پیکر بنے، اس کے سانچوں میں ڈھلے، اور دُور دُور تک پھیلی ہوئی دنیا تک آپ کا پیغام پہنچائے۔ خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بارے میں جو اسوہ حسنہ چھوڑا ہے، ظاہر ہے کہ جو لوگ قائم مقام ہیں، اُمت کی حیثیت سے آپ کے مشن کے علم بردار ہیں، انھیں اس بارے میں بھی رہنمائی وہیں سے لینی چاہیے۔

احساس ذمہ داری کی شدت

واقعات میں آتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے، اپنے منبر پر تشریف فرما ہوئے۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ وہاں بیٹھے تھے، ان سے کہا کہ عبداللہ! مجھے قرآن سناؤ۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ قدرے حیران ہوئے، عرض کیا کہ یارسول اللہ! میں قرآن سناؤں؟ یہ قرآن تو آپ پر نازل ہوا ہے، آپ ہی سے ہم نے سنا ہے، آپ ہی سے ہم تک پہنچا ہے۔ آپ نے فرمایا: نہیں، عبداللہ! آج تو جی چاہتا ہے کہ کوئی پڑھے اور میں سنوں۔ حکم تھا، آپ اسی طرح منبر پر تشریف فرما رہے اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے نیچے بیٹھے ہوئے سورۂ نساء کی تلاوت شروع کی۔ جب اس آیت پر پہنچے: فَکَیۡفَ اِذَا جِئۡنَا مِنۡ کُلِّ اُمَّۃٍۭ بِشَہِیۡدٍ وَّ جِئۡنَا بِکَ عَلٰی ہٰۤؤُلَآءِ شَہِیۡدًا ۏ (النساء۴:۴۱) ''پھر سوچو کہ اس وقت یہ کیا کریں گے جب ہم ہر اُمت میں سے ایک گواہ لائیں گے اور ان لوگوں پر تمھیں (یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو) گواہ کی حیثیت سے کھڑا کریں گے''، تو حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کو اندازہ ہوا کہ جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انھیں ہاتھ کے اشارے سے روک رہے ہیں، حسبک، حسبک، عبداللہ ٹھیر جاؤ، عبداللہ ٹھیر جاؤ۔ سراُٹھا کر دیکھا تو کیا دیکھتے ہیں کہ آں حضور کی آنکھوں سے آنسو رواں ہیں اور ریش مبارک آنسوؤں سے تر ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس گواہی، شہادت اور ذمہ داری کے احساس سے گویا دبے جا رہے ہیں، اور آنکھوں سے آنسوؤں کا رواں ہونا تو پورے جسم و جان کی کیفیت کی گواہی دے رہا ہے کہ اندر کیا ہلچل ہے، کیا کیفیت ہے کہ جس سے آپ گزر رہے ہیں۔

اللہ سے مضبوط تعلق

اگر ہم نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قائم مقامی کرنی ہے، اور ان کے مشن کو لے کر آگے چلنا ہے تو یہ اس وقت تک ممکن نہیں ہے جب تک اسوۂ حسنہ کا کامل اتباع نہ کیا جائے۔ جب تک حالتِ قیام سے، قرآنِ پاک کے ساتھ شغف سے، فی الواقع ایک مستحضر علم سے، اور وسعتِ علم کے نتیجے میں اپنے آپ کو بنایا نہ جائے۔ گویا جو لوگ ان راہوں پر چلے ہیں اور لوگوں پر ذمہ دار قرار پائے ہیں ان کا فرض ہے کہ رب کے ساتھ اپنے تعلق کو مستحکم اور مضبوط کریں۔

سیرتِ رسول سے رہنمائی

سیرت کے ہر واقعے کے اندر رہنمائی موجود ہے۔ کچھ نہیں تو آنکھوں کے لیے نمی، دلوں کے لیے گداز اور قلوب کے لیے خوف و خشیت کی کیفیت موجود ہے۔ اگر ان تمام واقعات کو زمانی ترتیب کے ساتھ جوڑ لیں کہ ایک واقعہ پیش آیا، پھر دوسرا پیش آیا، صبح کو یہ ہوا، پھر دوپہر کو یہ اور شام کو یہ ہوا۔ پھر لوگوں نے کانٹے بچھا دیے۔ پھر لوگ پتھر برسانے اور گالیاں دینے لگے۔ پھر لوگوں نے حالتِ نماز میں اوجھ رکھ دی، پھر لوگوں نے ہجرت پر مجبور کر دیا۔ یہ تمام واقعات کسی ترتیب کے ساتھ جمع کر لیں تو جوڑتے جوڑتے لگے گا کہ واقعی یہ تو پہلے دن سے کسی منزل کا تعین کر کے کسی انقلاب کی طرف رہنمائی ہو رہی ہے۔

مایوسی میں اُمید کا دامن تھامے رکھنا

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف کا رُخ کیا ہے، اور آپ دیکھیں کہ کس وژن اور بصیرت و بصارت کے ساتھ، اور دعوت کے غلبے کی تمنا اور آرزو کے ساتھ یہ سفر کیا ہے۔ لیکن یہ بات کسی سے مخفی نہیں ہے کہ اہلِ طائف نے آپ کے ساتھ جو کچھ سلوک کیا، اس کے سامنے لغت بیچاری ہاتھ جوڑ کے کھڑی ہو جاتی ہے کہ مجھ سے نہیں بیان کیا جاتا، کہ کیا سلوک آپ کے ساتھ روا رکھا گیا۔

خود احتسابی کی ضرورت

حقیقت یہ ہے کہ حضور نبی کریم کو جس مقصد کے لیے مبعوث کیا گیا تھا، آپ نے اپنی زندگی اسی جدوجہد میں لگا کر اس کا حق ادا کر دیا۔ غلبہ دین کی جدوجہد میں حصہ لینا، اقامت دین کا فریضہ انجام دینا، بڑے پیمانے پر انسانوں کو ظلم کی طویل رات سے نجات دلانا، جھوٹے خداؤں اور طاغوت کی فرماں روائی سے بچانا اور انھیں اپنے رب کی طرف بلانا، ظاہر ہے کہ یہ کام ثبات و استقامت اور اولوالعزمی، اور ہر طرح کی آزمائش کو خندہ پیشانی سے جھیلنے کا مطالبہ و تقاضا کرتا ہے۔

☆☆☆☆

بقیہ 1

اورمیوہ داردرخت بنانے میں ہزارہ کمیونٹی کے سرکردہ افراد نے قابل فخر کردار ادا کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہم علاقے کے عوام کی ترقی وخوشحالی کیلئے میجر نادر ہزارہ اور موجودہ ایم پی اے زرک خان مندوخیل کی قابل فخر کاوشوں کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ جنرل محمد موسیٰ پوسٹ گریجویٹ کالج کے پہلے کانووکیشن کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ واضح رہے کہ رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل نے جنرل محمد موسیٰ پوسٹ گریجویٹ کالج میں بجلی کی ضروریات پوری کرنے کیلئے سولرانرجی سسٹم کی فراہمی کا اعلان کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل، صوبائی سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن ہاشم خان مندوخیل، وائس چانسلر لسبیلہ یونیورسٹی ڈاکٹر عبدالمالک ترین، سابق ایڈیشنل چیف سیکرٹری میجر نادر ہزارہ، ڈائریکٹر کالجز پروفیسر محمد حسین بلوچ اور پرنسپل موسیٰ کالج پروفیسر منظور احمد بڑیچ سمیت ماہرین تعلیم اور خواتین کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ کانووکیشن کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ چار دہائیاں قبل جب اس کالج کی بنیاد رکھی جا رہی تھی تو بلوچستان میں اعلیٰ تعلیم کے مواقع بہت محدود تھے۔ آج کا یہ بامقصد اور تاریخی موقع تعلیمی قابلیت، مسلسل محنت، عزم و استقامت اور روشن مستقبل کی امیدوں کا مظہر ہے۔ آج کی کانووکیشن تقریب ان کی علمی وفکری نشوونما، ذاتی کامیابیوں اور معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے کی تیاری کی علامت ہے۔ ہم کالج کی انتظامیہ، اساتذہ کرام اور یونیورسٹی آف بلوچستان کو اس کامیاب کانووکیشن کے انعقاد اور فارغ التحصیل ہونے والے گریجویٹس کی کامیابیوں کو تسلیم کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ تعلیم ایک ترقی یافتہ، پرُامن اور خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے

بقیہ 2

نتائج سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے۔ حکومتی اداروں کی افادیت کا تعین ان کی کارکردگی اور عوام کو فراہم کی جانے والی خدمات کے معیار سے ہونا چاہیے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ہر محکمہ اپنی ذمہ داریوں کو مؤثر انداز میں ادا کرے اور کارکردگی کو قابل پیمائش نتائج سے منسلک کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سرکاری وسائل کا مؤثر استعمال اور اداروں کی استعدادِ کار میں اضافہ بہتر طرز حکمرانی کے لیے ناگزیر ہے۔ محکموں کی تنظیم نو اور اصلاحات کے عمل میں عملی ضروریات، انتظامی کارکردگی اور عوامی مفاد کو بنیادی اہمیت دی جائے، تاکہ سرکاری مشینری کو زیادہ فعال اور جواب دہ بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ محکموں کے درمیان رابطہ کاری کو بہتر بنانے اور فرائض کی انجام دہی میں غیر ضروری رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے مؤثر اقدامات ضروری ہیں۔ محکموں کی ذمہ داریوں اور دائرہ کار کا واضح تعین انتظامی امور میں بہتری لانے اور کارکردگی بڑھانے میں معاون ثابت ہوگا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس امر پر زور دیا کہ اصلاحات کا بنیادی مقصد سرکاری اداروں کو زیادہ مؤثر بنانا اور عوام کو بروقت اور معیاری خدمات کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی ڈھانچے میں بہتری کے لیے ایسی تجاویز کو اہمیت دی جانی چاہیے جو حکومتی امور میں شفافیت، جواب دہی اور کارکردگی کو فروغ دینے میں معاون ہوں۔ اجلاس میں مختلف صوبائی محکموں کی موجودہ کارکردگی، انتظامی ڈھانچے اور فعالیت سے متعلق تجاویز کا جائزہ لیتے ہوئے اصلاحاتی عمل کو نتیجہ خیز بنانے کے امور پر غور کیا گیا۔

بقیہ 3

واقعے سے متعلق انکوائری کمیٹی قائم کر دی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ انکوائری کمیٹی چھت گرنے کی وجوہات کا پتہ لگائے گی۔ سیکریٹری تعلیم عنایت اللہ وسیم نے اسکول کی چھت گرنے کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ایم ڈی پی ایس آر اے سے (آج) جمعہ تک رپورٹ طلب کر لی۔ ایس ایس پی آپریشنز نے کہا کہ اسکول کی چھت کمزور ہے، چھت میں ٹی آئرن اور چوکے استعمال کیے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا ہے کہ چھت پر 110 سے 115 تک بچے موجود تھے، چھت وزن کو برداشت نہیں کر سکی اور گر گئی، چھت گرنے سے بچے ملبے تلے دب گئے اور اس سے اموات ہوئیں۔ پولیس تفتیشی افسر کے مطابق اسکول کی عمارت میں ناقص میٹریل کا استعمال ہوا تھا، ناقص میٹریل کے استعمال پر اسکول مالک کو گرفتار کیا گیا ادھر مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا شمر ہارون بلور نے کہا کہ پشاور کی دیر کالونی میں نجی اسکول کی چھت گرنے کا افسوس ناک واقعہ پیش آیا جس پر دلی دکھ اور افسوس ہے۔ انہوں نے انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ زخمی بچوں کو بہترین اور بر وقت طبی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ دریں اثناء گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے اسکول کی چھت گرنے کے واقعے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے اسکول کی چھت گرنے کے واقعے کی رپورٹ طلب کر لی۔ فیصل کریم کنڈی نے حکام کو زخمی بچوں کو بہترین طبی سہولتیں فراہم کرنے کی ہدایت کر دی۔ دوسری جانب صدر مملکت آصف علی زرداری نے پشاور میں سکول کے المناک حادثے میں بچوں اور اساتذہ کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے صدمے اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس دلخراش سانحہ نے پوری قوم کو صدمے سے دوچار کر دیا ہے صدر مملکت نے جاں بحق ہونے والوں کے اہل خانہ اور سوگوار خاندانوں سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والوں کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور غمزدہ خاندانوں کو یہ ناقابلِ تلافی صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ اور صبرِ جمیل دے صدر نے حادثے میں زخمی ہونے والوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کی۔ صدر زرداری نے متعلقہ حکام کو زخمیوں کو علاج کی بہترین سہولیات فراہم کرنے اور متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن امداد پہنچانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں پوری قوم متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے۔

بقیہ 4

درمیانی شب واشک میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، آپریشن بھارتی پراکسی فتن الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے فوری اور فیصلہ کن کارروائی میں دہشت گردوں کا ٹھکانہ تباہ کر دیا گیا، آپریشن کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم 5 دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے، ہلاک دہشت گردوں کے ٹھکانے سے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی برآمد ہوا۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ علاقے میں ممکنہ دیگر دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے، عزم استحکام کے تحت ملک سے غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کارروائیاں پوری رفتار سے جاری رہیں گی۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا کہ بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان اور انسانی اسمگلرز کیخلاف کارروائی میں سیکیورٹی فورسز نے ضلع مستونگ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 2 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا

بقیہ 5

لیے بامعنی باہمی تعاون کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ زرعی شعبہ میں جدت اور قدرتی و ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کی صلاحیت درحقیقت پائیدار ترقی وخوشحالی اور مستقبل میں غذائی تحفظ کی ضمانت ہے، ہر شہری کو غذائیت سے بھرپور خوراک کی دستیابی کے لیے کاوشیں حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق عالمی یوم خوراک پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ عالمی یوم خوراک کے موقع پر پاکستان اقوام عالم کے ساتھ ہم آواز ہو کر مشترکہ غذائی تحفظ جیسے انتہائی اہم اور توجہ طلب موضوع کیلئے بامعنی باہمی تعاون کے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی اور عالمی سطح پر غذائی تحفظ کو متعدد چیلنجز کا سامنا ہے، قدرتی و ماحولیاتی مسائل، غیر معمولی موسمیاتی تبدیلی ان چیلنجز میں سر فہرست ہیں، زرعی شعبہ میں جدت اور قدرتی و ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کی صلاحیت درحقیقت پائیدار ترقی وخوشحالی اور مستقبل میں غذائی تحفظ کی ضمانت ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ اس سال یہ عالمی دن آج جدت اپنائیں، کل کو غذائیت سے بھرپور بنائیں کے زیر عنوان منایا جا رہا ہے، یہ موضوع زرعی شعبہ میں نئی ٹیکنالوجی کے استعمال کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے، ٹیکنالوجی سے آراستہ غذائی و زرعی نظام ہی موجودہ قومی اور آئندہ نسلوں کی غذائی ضروریات کو پورا کرنے کا واحد موثر حل ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی، پانی کی قلت، زمین کی متفرق زرخیزی، پیداواری لاگت میں اضافہ اور غذائی رسد کی رکاوٹوں جیسے مسائل کا حل جدید سائنسی تحقیق اور ٹیکنالوجی کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت سائنس وٹیکنالوجی کے استعمال سے زرعی و غذائی شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے پرعزم ہے، جدید سائنسی تحقیق وعلم اور ٹیکنالوجیز کو مقامی کاشتکاروں کی معلومات اور عملی تجربات کے ساتھ یکجا کر کے ہم زرعی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زرعی ترقی میں قومی غذائی تحفظ، قومی معیشت، دیہی روزگار اور شعبہ مال مویشی کی افزائش و فروغ بھی شامل ہے، ہمارے محنتی کسان، مویشی پال اور زرعی پیداوار سے وابستہ تمام افراد غذائی نظام کو مزید فعال بنانے میں کلیدی حیثیت رکھتے ہیں، زرعی افرادی قوت چیلنجز کے باوجود اپنی محنت، لگن اور عزم سے قوم کی غذائی ضروریات پورا کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے

بقیہ 6

واقتصادی ترقی میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنانا اور انہیں ترقی کے مساوی مواقع فراہم کرنا حکومت بلوچستان کے عزم کا حصہ ہے۔ حکومت خواتین کی ہنرمندی، کاروباری صلاحیتوں کے فروغ اور معاشی خودمختاری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشی ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ رائز پروگرام، وومن بازارز اور خواتین کی معاشی خودمختاری کے فنڈ کے ذریعے خواتین کے لیے روزگار، کاروبار اور آمدن کے نئے مواقع پیدا کیے جا رہے ہیں۔ خواتین کاروباری شخصیات کے لیے آرٹیفیشل انٹیلیجنس لیب اور کاروباری تربیت کے پروگرام بھی اسی سلسلے کی اہم کڑیاں ہیں، جن کا مقصد خواتین کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ مہارتوں اور کاروباری مواقع تک رسائی فراہم کرنا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دیہی اور دور دراز علاقوں میں رہنے والی خواتین کو تعلیم، صحت، روزگار اور مالی وسائل تک رسائی فراہم کرنا ضروری ہے۔

بقیہ 7

خور IV- کا چوتھا ایڈیشن نیشنل کاؤنٹر ٹیرازم سینٹر (این سی ٹی سی)، پبی میں اختتام پذیر ہو گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 7 اکتوبر 2026 کو شروع ہونے والی دو ہفتوں پر مشتمل اس مشق میں انسداد دہشت گردی کے شعبے میں تجربات کے تبادلے، آپریشنل مشقوں اور طریقہ کار کو مزید بہتر بنانے اور بہترین عملی تجربات کے تبادلے کے ذریعے جنگی مہارتوں میں اضافے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ اس مشق نے دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ فوجی تعاون اور انسدادِ دہشت گردی کے شعبے میں باہمی اشتراک کو مزید مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم کی توثیق کی۔

بقیہ 8

پاکستان آصف علی زرداری کو اپنی اسنادِ سفارت پیش کر دیں۔ اس سفارتی تقریب کو پاکستان اور فرانس کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات، باہمی احترام اور تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کے تناظر میں اہمیت حاصل ہے۔ بگھی میں سوار ہو کر ایوان صدر پہنچنے والے فرانسیسی سفیر کو فوج کے چاق و چوبند دستے کی جانب سے گارڈ آف آنر پیش کیا گیا اور سلامی بھی دی گئی، انہوں نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر دونوں ممالک کے درمیان دو طرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے، باہمی روابط میں اضافے اور مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کے امکانات کو اجاگر کیا گیا۔ فرانس نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ پاکستان کے ساتھ اپنی دیرینہ شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے کے لیے بات چیت، باہمی رابطوں اور عملی تعاون کو فروغ دینا چاہتا ہے۔ پاکستان اور فرانس کے تعلقات کئی دہائیوں پر محیط ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان سفارتی روابط کے ساتھ معاشی تعاون، تعلیمی تبادلے، ثقافتی سرگرمیاں اور عوامی سطح پر رابطے بھی دو طرفہ تعلقات کا اہم حصہ ہیں۔ فرانس میں مقیم پاکستانی برادری بھی دونوں ملکوں کے درمیان سماجی، ثقافتی اور معاشی روابط کے فروغ میں اپنا کردار ادا کرتی ہے۔ موسمیاتی تبدیلی، توانائی، تعلیم، ہنرمندی، تجارت اور پائیدار ترقی جیسے شعبوں میں تعاون کے امکانات دونوں ملکوں کے لیے اہمیت رکھتے ہیں۔ توقع ہے کہ نئے سفیر کی سفارتی ذمہ داریوں کے دوران پاکستان اور فرانس کے درمیان اعلیٰ سطح کے رابطوں، باہمی افہام وتفہیم اور مشترکہ مفادات پر مبنی تعاون کو مزید فروغ دینے کے لیے کوششیں جاری رہیں گی۔

بقیہ 9

دھاکہ خیز مواد کی برآمدگی سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مؤثر حکمت عملی کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی کوششیں کرنے والے عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں قابل تحسین ہیں۔ پاکستان کے امن کو نقصان پہنچانے والے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور ملک دشمن عناصر کے عزائم کو ناکام بنانے کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے خلاف مؤثر کارروائیاں ملک دشمن عناصر کے عزائم ناکام بنانے کے قومی عزم کی عکاس ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور پیشہ ورانہ خدمات قابل قدر ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں گے تاکہ پاکستان کے محفوظ اور پرُامن مستقبل کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ملک دشمن عناصر کے خلاف پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اور امن و استحکام کے لیے قومی سطح پر اتحاد اور مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔

بقیہ 10

اور پاکستان کے وزرائے خزانہ کی ملاقات کے بعد جاری اعلامیے کے مطابق پاکستان کی معاشی استحکام کی جانب پیش رفت اور مشکل معاشی حالات میں چین کی دیرینہ حمایت پر اظہار تشکر کیا گیا اور چینی وزیر خزانہ نے پاکستان کی بہتر ہوتی معاشی صورت حال اور عالمی مالیاتی منڈیوں تک دوبارہ رسائی کا خیر مقدم کیا۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ پاکستان اور چین کے درمیان دوطرفہ مالیاتی تعاون مضبوط بنانے، بین الاقوامی سرمایہ منڈیوں تک رسائی بڑھانے اور علاقائی اقتصادی تعاون آگے بڑھانے پر گفتگو ہوئی، پاکستان کے پہلے پانڈا بانڈ کے کامیاب اجرا کا جائزہ لیا گیا، پانڈا بانڈ کے اجرا میں ضابطہ جاتی معاونت، اے آئی آئی بی کی جانب سے قرض کی ساکھ بہتر بنانے کیلئے معاونت، 2.5 فیصد کی مسابقتی شرح منافع اور سرمایہ کاروں کی بھرپور دلچسپی شامل تھی۔ اس موقع پر پاکستان کی چینی سرمایہ منڈی میں بار بار خودمختار بانڈ جاری کرنے والے ملک کی حیثیت سے مستقل موجودگی قائم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا

بقیہ 11

جبکہ 2026 تا 2030 کی ممبر کنٹری پارٹنرشپ سٹریٹجی کے تحت تقریباً 5.6 ارب ڈالر کی متوقع مالی معاونت کو ٹھوس ترقیاتی منصوبوں میں تبدیل کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے یہ بات جمعرات کو بنکاک میں عالمی بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر اسلامی ترقیاتی بینک گروپ کے چیئرمین ڈاکٹر محمد سلیمان الجاسر سے ملاقات میں کہی۔ ملاقات میں پاکستان کے ساتھ ترقیاتی تعاون کو تیز کرنے اور ترجیحی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر نے ڈاکٹر الجاسر کو دوسری پانچ سالہ مدت کے لیے دوبارہ چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد دی اور اسلامی ترقیاتی بینک کی قیادت پر پاکستان کے اعتماد کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ متوقع مالی معاونت کو موثر بنانے کے لیے منصوبوں کی واضح فہرست تیار کی جائے جس میں مالی منظوری، رقوم کے اجرا اور عمل درآمد کے لیے مقررہ اوقات کار شامل ہوں

بقیہ 12

کا مشترکہ اجلاس اسپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت شروع ہوا، چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی، حکومتی و اپوزیشن اراکین کی بڑی تعداد اجلاس میں شریک ہوئی۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج سے متعلق کاغذات مشترکہ اجلاس کے سامنے پیش کیے گئے، صدر مملکت کی جانب سے ایمرجنسی کے نفاذ سے متعلق کاغذات آرٹیکل 232 کی شق 7 کے تحت جبکہ گورنر راج کے نفاذ کے کاغذات آرٹیکل 234 کی شق 3 کے تحت پیش کیے گئے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ سے متعلق صدارتی اعلان مشترکہ اجلاس میں پیش کیے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کا دلخراش واقعہ آیا، چھت گرنے سے بچے اور اساتذہ شہید ہوئے، پشاور اسکول واقعے میں شہید ہونے والے بچوں کیلئے دعا مغفرت کی گئی، بچوں کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کیلئے قواعد معطل کرنے کی تحریک مشترکہ اجلاس میں پیش کی گئی، تحریک وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پیش کی۔ صدر مملکت کی جانب سے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کی قرارداد مشترکہ اجلاس میں پیش کی گئی، اپوزیشن اراکین نے پارلیمنٹ کے سیشن میں احتجاج شروع کر دیا۔ اپوزیشن اراکین بازوؤں پر کالی پٹیاں باندھ کر اجلاس میں شریک ہوئے، اپوزیشن نے گنتی چیلنج کر دی۔ اسپیکر نے قرارداد کے حق اور مخالفت میں اراکین کو گننے کی ہدایت کی، خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی قرارداد کے حق میں 214 اراکین نے حمایت کی، 56 اراکین نے قرارداد کی مخالفت کی۔ مشترکہ اجلاس میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ سے متعلق قرارداد پر بحث شروع ہوئی، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ آئینی تقاضا پورا کرنے کیلئے آج کا اجلاس بلایا گیا ہے، سینیٹ اور قومی اسمبلی میں اس پر بات ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کے سوال ہوں گے تو جواب دیں گے، کچھ لوگوں نے اس اقدام بارہ اکتوبر سے جوڑا۔ ایپلس کمیٹی کے اجلاس اسلام آباد اور پشاور میں ہوتے رہے، صوبے میں ایک روز میں لکی مروت، ٹانک، باجوڑ میں واقعات ہوئے، ایسے وقت میں وزیر اعلیٰ کو لانگ مارچ کی بجائے ہسپتال میں ہونا چاہیے۔ قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے مشترکہ اجلاس سے خطاب میں کہا کہ جن حالات میں ہمارا ملک پھنس گیا ہے، خدا کو حاضر وناظر جان کر کہتا ہوں یہ ہماری اندرونی خامیوں کا نتیجہ ہے

بقیہ 13

پر نامعلوم مسلح افراد نے اچانک سیکیورٹی فورسز پر حملہ کر دیا اور شدید فائرنگ کی گئی جبکہ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے بھی بھرپور جوابی فائرنگ کی گئی جس کے نتیجے میں ایک حملہ آور موقع ہی ہلاک جبکہ تین زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق حملہ آور اپنے زخمی ساتھیوں کو ساتھ لے گئے جبکہ فائرنگ کے تبادلے میں ہلاک ہونے والے شخص کی لاش پولیس نے تحویل میں لے لی واقعے کے بعد سیکورٹی فورسز اور پولیس نے پورے علاقے کا گھیراؤ کر کے سرچ آپریشن شروع کر دیا۔

بقیہ 14

کی کوشش سے لندن میں چارٹر آف ڈیموکریسی ہوا۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ 2024 کا الیکشن جس طرح ہوا سب کے سامنے ہے۔ خیبر پختونخوا واحد اسمبلی تھی جو آئینی تھی مگر ان کو بھاتی نہیں تھی، محمود خان اچکزئی نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان نے بتایا کہ کئی معاملات طے پا گئے تھے۔ ہم نے پارلیمان کو مضبوط کرنے کی بات کی۔ انہوں نے کہا کہ جو الیکشن کا انچارج تھا، رات ڈھائی بجے ٹیم سمیت میرے گھر آ گیا، کوئی قالین کا تحفہ بھی لائے تھے، میں نے قلم کا تحفہ دیا، پشین اور چمن سے قومی اسمبلی کا الیکشن لڑ رہا تھا۔ چار صوبائی حلقوں سے بھی الیکشن لڑ رہا تھا۔ پشین کی ایک سیٹ سے مولانا کے امیدوار کے حق میں دستبردار ہوا۔

بقیہ 15

میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ بلوچستان میں بعض نام نہاد سردار اور نواب اپنے عوام کی فلاح و بہبود کے بجائے ان پر ظلم و جبر کر رہے ہیں۔ قرارداد میں خضدار کی اسماء جنگ اور قلات کی لائبہ کے ساتھ پیش آنے والے واقعات کو اس سلسلے میں بطور مثال پیش کرتے ہوئے سرداری نظام کے خاتمے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ قرارداد میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ بلوچستان میں سرداری کا لقب اور سرداری نظام ختم کیا جائے اور ہر شہری کو آئین وقانون کا پابند بنایا جائے، کیونکہ آئین کے مطابق تمام شہری برابر ہیں اور کسی کو دوسرے پر قانونی فوقیت حاصل نہیں۔ مجوزہ قرارداد میں یہ مطالبہ بھی شامل ہے کہ سرداروں کی سرکاری سرپرستی بند کی جائے

بقیہ 16

ناصر عباس اور پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر اور دیگر اراکین پارلیمنٹ کے ہمراہ پریس کانفرنس میں کہا کہ 1990 میں پہلی مرتبہ پارلیمنٹ کا رکن بنا، اس پارلیمان کو عوام کا نمائندہ بنانے کیلئے بہت کوشش کی، بینظیر بھٹو اور نواز شریف جیسے سیاسی رہنماؤں نے جمہوریت کے لیے کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ 58 ٹو بی جو 5 اسمبلیاں نگل چکی تھی، ایک دن میں ختم ہو گئی، سیاسی رہنماؤں کی کوشش سے لندن میں چارٹر آف ڈیموکریسی ہوا، 35 جماعتیں لندن میں بیٹھیں اور دستخط ہوئے لیکن آج انہی کی دو جماعتوں نے ووٹ دیا۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ اسمبلیاں ٹوٹتیں تو بھی بینظیر بچے ساتھ لے کر کسی ملک جاتیں تو بھی نواز شریف لندن چلے گئے۔

بقیہ 17

کے لیے کمیٹی قائم کر دی اس حوالے سے جاری اعلامیہ کے مطابق نیب کی کمیٹی سرمایہ کاروں کو اقتصادی ترقی کے لیے مکمل ادارہ جاتی تعاون فراہم کرے گی۔ ڈپٹی چیئرمین نیب کمیٹی کے چیئرمین اور پراسیکیوٹر جنرل ممبر ہوں گے جبکہ ڈائریکٹر جنرل آپریشنز، ڈائریکٹر جنرل اے اینڈ پی، بزنس فیسلی ٹیشن سیل کے نمائندے اور متعلقہ چیمبر آف کامرس کے نمائندے کمیٹی کے ارکان ہوں گے۔ کمیٹی کی جانب سے اضافی ممبر کو بھی نامزد کیا جا سکے گا، کمیٹی سرمایہ کاروں کو سہولت اور پرومیلشن پلان کے تحت حاصل حقوق کی مانیٹرنگ کرے گی

بقیہ 18

کے علاوہ دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے اجلاس کو لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں اور اے ون روڈز بجٹ کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اس موقع پر سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے کہا کہ بھرتیوں کے پورے عمل کو مؤثر منظم اور غیر جانب دار بنایا گیا ہے تاکہ کسی امیدوار کو شکایت کا موقع نہ ملے انہوں نے کہا کہ محکمہ میں لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں کے سلسلے میں سپریم کورٹ کے فیصلے اور متعلقہ احکامات کے مطابق من وعن عمل درآمد کیا جا رہا ہے جبکہ امیدواروں کی جانب سے جمع کرائی گئی دستاویزات کی جانچ پڑتال کا عمل بھی جاری ہے سیکریٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے کہا کہ بھرتیوں کے عمل میں میرٹ اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور تمام امیدواروں کے ساتھ یکساں اور منصفانہ طرز عمل اختیار کیا جائے گا سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے اے ون روڈز بجٹ کے حوالے سے صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ اے ون روڈز بجٹ کو احسن طریقے سے استعمال کیا جائے گا تاکہ انفراسٹرکچر کے حوالے سے چھوٹے چھوٹے کام تیزی سے مکمل ہوں

بقیہ 19

ذریعے مسمار کر دیے گئے پولیس کے مطابق تمبو تھوشوری پولیس تھانے کی حدود روپا پل کے قریب مسلح افراد نے ایک گاوں پر شدید فائرنگ کی اور ٹریکٹر کے ذریعے کسانوں کے کچے مکانات مسمار کر کے فرار ہو گئے واقعے کے بعد علاقے کے عوام میں سخت خوف وہراس پھیل گیا

بقیہ 20

خود سے وعدہ کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق گزشتہ روز ایریزونا کے شہر بل ہیڈسٹی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ایک بار پھر یہ بات دہرائی کہ ایرانی قیادت کے مختلف رہنماؤں کو مسلسل نشانہ بناتے ہوئے شاید ہم حد سے آگے نکل گئے ہیں کہ اب ہمیں یہ بھی نہیں معلوم کہ ایران میں مزید کس سے بات کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس لیے اب وعدہ کرتا ہوں کہ مزید ایرانی عہدیداروں کو نشانہ نہیں بناؤں گا۔ ٹرمپ کے مطابق ایرانی قیادت کی پہلی اور دوسری سطح کے رہنما مارے جا چکے ہیں، جبکہ تیسری سطح کی قیادت کے نصف افراد بھی مارے جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اب اپنے آپ سے وعدہ کیا ہے کہ میں مزید ایرانی رہنماؤں کو نشانہ نہیں بناؤں گا، میں شاید کچھ زیادہ ہی آگے نکل گیا تھا جس کا مجھے افسوس ہے، کیونکہ اب مجھے بالکل اندازہ نہیں کہ اب آخر کس کے ساتھ معاملات کروں۔

بقیہ 21

کی عمارت مکمل طور پر تباہ کر دی۔ تھانہ یک مچ کے ایس ایچ او کے مطابق آج صبح تقریباً ساڑھے چار بجے مسلح افراد نے تھانے کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے تھانے پر قبضہ کر کے دھماکا خیز مواد نصب کیا اور دھماکے سے عمارت کو ملبے کا ڈھیر بنا دیا۔ واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا اور تمام پولیس اہلکار محفوظ رہے۔ دوسری جانب سیکیورٹی ذرائع کے مطابق حملے کے دوران یک مچ بازار میں نصب متعدد سیکیورٹی کیمروں کو بھی فائرنگ کر کے تباہ کر دیا گیا۔ یک مچ تھانہ این 40- شاہراہ کوئٹہ تفتان تجارتی راستہ پر واقع ہے، جو ضلع چاغی کا ایک حساس اور دور دراز علاقہ ہے۔ واقعے کی اطلاع پر پولیس اور سیکیورٹی اداروں نے فوری طور پر علاقے کو گھیرے میں لے لیا اور تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں اور ملزمان کی تلاش کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن بھی جاری ہے

بقیہ 22

روپے 56 پیسے فی یونٹ تک محدود کر دیا ہے جس سے صارفین کو 3 روپے 44 پیسے فی یونٹ کے اضافی بوجھ سے بچا لیا گیا ہے۔ پاور ڈویژن سے جاری اعلامیے کے مطابق ستمبر میں بجلی صارفین کو بھاری فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے ممکنہ بوجھ سے بچانے کے لیے دو سے اڑھائی گھنٹے کی محدود لوڈ مینجمنٹ کی گئی جبکہ مہنگے متبادل ایندھن سے بجلی پیداوار کے اثرات کو کم کرنے کے لیے بھی ہدفی لوڈ مینجمنٹ کو یقینی بنایا گیا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ مہنگے فرنس آئل اور ہائی اسپیڈ ڈیزل سے بجلی پیداوار کی صورت میں ستمبر کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ 5 سے 6 روپے فی یونٹ تک پہنچ سکتی تھی، بجلی پیداوار کے لیے درآمدی ایل این جی کو مقامی گیس کے نرخوں پر فراہم کر کے بجلی صارفین پر 83 پیسے فی یونٹ کا بوجھ کم کیا گیا۔

بقیہ 23

۔خضدار، چکلاک شاہراہ کے 330 کلومیٹر طویل منصوبے کے لیے 82.6 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ ہوشاب، آواران، نال، بسیمہ، خضدار اور ژوب، چکلاک روٹس کے لیے مختص 83.2 میں سے 54.9 ارب روپے کے فنڈز جاری کیے گئے۔ بسیمہ اور خضدار کے اہم روٹ کے لیے مختص فنڈز کا 94 فیصد حصہ ترقیاتی کاموں پر خرچ ہو چکا ہے۔ سی پیک کے جدید سڑک نیٹ ورک سے بلوچستان میں تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی مواقع کے نئے دروازے کھل رہے ہیں۔

بقیہ 24

کالج، بلیلی روڈ کوئٹہ میں منعقدہ پہلی بلوچستان فوڈ ایگزیبیشن 2026 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ صوبائی وزیر نے فیتہ کاٹ کر دو روزہ نمائش کا افتتاح کیا اور مختلف زرعی مصنوعات کے اسٹالز کا دورہ بھی کیا۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ بلوچستان کا بیشتر حصہ خشک اور کم بارشوں والے خطے پر مشتمل ہے، تاہم صوبے کے متعدد علاقے اپنی زرعی پیداوار کے باعث فوڈ باسکٹ کے طور پر پہچانے جاتے ہیں۔ زراعت کے شعبے میں مزید پیش رفت کے لیے پانی کے وسائل کا مؤثر استعمال، آبی ذخائر کی تعمیر اور جدید زرعی طریقوں کو اپنانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں زرعی ترقی کے متعدد منصوبوں پر کام جاری ہے، جن کا مقصد پیداوار میں اضافہ اور زمینداروں کے لیے بہتر مواقع پیدا کرنا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بلوچستان میں لائیو اسٹاک اور ماہی گیری کے شعبوں میں بھی وسیع امکانات موجود ہیں

بقیہ 25

ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے اسلام آباد میں وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب کھچی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کی خواتین ہنرمندوں کی قومی و بین الاقوامی نمائشوں میں شرکت کے مواقع بڑھانے، صوبے کی روایتی دستکاریوں کو فروغ دینے اور ملک بھر کے قومی عجائب گھروں میں بلوچستان کے تاریخی وثقافتی ورثے کے لیے مستقل نمائشی گوشے مختص کرنے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین صدیوں پر محیط ثقافتی روایات اور منفرد ہنرمندی کی امین ہیں۔ بلوچی کشیدہ کاری، روایتی ملبوسات، قالین بافی اور دیگر دستکاریوں میں ان کی مہارت صوبے کی تہذیبی شناخت کا اہم حصہ ہے، جسے قومی اور عالمی سطح پر مؤثر انداز میں پیش کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 26

10 لاکھ روپے اور زخمیوں کیلئے دو لاکھ روپے دینے کا اعلان کر دیا۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ہدایت کی کہ خستہ حال عمارت کو گزشتہ دور حکومت میں این اوسی کس نے دی جو بھی ملوث پایا جائے اس کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ گورنر خیبر پختونخوا نے سکول کا دورہ بھی کیا اور اس موقع پر کہا کہ گزشتہ حکومت کی غفلت سے اسکولوں کا آڈٹ نہیں ہوا، کوتاہی کسی کی بھی ہوئی سزا ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ چار روز میں تحقیقات مکمل ہوں گی، ہم صرف انکوائری کی حد تک نہیں رہیں گے بلکہ مکمل تحقیقات کر رہے ہیں، ماضی میں صرف فوٹو سیشن اور انکوائری کمیٹیوں کی کہانیاں ہوتی تھیں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ اسکول مالک سے لے کر تمام محکموں کی ذمہ داری کو جانچا جا رہا ہے۔

بقیہ 27

دار تھے۔ دیر کالونی کے رہائشی منگل خان نے بتایا کہ اس حادثے میں اس کا 9 سالہ بچہ عامر خان جبکہ اس کی بھیجی رومیسا جاں بحق ہوئی، جاں بحق عامر اور رومیسہ دونوں اسی سکول میں پڑھ رہے تھے۔ بچی کے چچا نے بتایا کہ اس کے دیگر تین رشتہ دار بھی اس حادثے میں جاں بحق ہوئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سکول کی عمارت جب گر گئی تو انہیں اطلاع ملی اور وہ امدادی کاموں میں حصہ لینے کیلئے پہنچ گئے

بقیہ 28

طلبہ کی قیمتی جانوں کا ضیاع ایک انتہائی المناک سانحہ ہے جس پر ہم سب غمزدہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مشکل وقت میں وہ تمام سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور متاثرہ خاندانوں کے ساتھ یکجہتی اور غمرازی کا اظہار کرتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے حادثے میں زخمی ہونے والے بچوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ پروردگار جاں بحق ہونے والے بچوں کے لواحقین کو یہ ناقابل تلافی صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ وہمت دے۔ آمین دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کے افسوسناک واقعے میں معصوم طلبہ کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے جاں بحق بچوں کے سوگوار خاندانوں سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ معصوم بچوں کی قیمتی جانوں کا ضیاع انتہائی دلخراش سانحہ ہے

بقیہ 29

صحت بخش خوراک کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ خوراک کا تحفظ انسانی صحت اور معاشرتی فلاح و بہبود کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے جبکہ ملاوٹ سے پاک خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال عالمی یوم خوراک کا موضوع " آج جدت، کل بہتر غذائیت " (Nourish – Today Innovate Tomorrow) جدید ٹیکنالوجی، مؤثر حکمتِ عملی اور سائنسی طریقوں کو اپنانے کی اہمیت اجاگر کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ خوراک کے شعبے میں جدید طریقہ کار کو فروغ دے کر نہ صرف خوراک کے معیار کو بہتر بنایا جا سکتا ہے بلکہ عوامی صحت کے تحفظ اور آنے والی نسلوں کے لیے صحت مند مستقبل کی بنیاد بھی رکھی جا سکتی ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ خوراک میں ملاوٹ، غیر معیاری اشیاء خورونوش کی فروخت اور حفظانِ صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی عوامی صحت کے لیے نقصان دہ ہے

بقیہ 30

آرگنائزر نصیر کبدانی کی سربراہی میں ایک وفد نے ایم پی اے و خادم واشک میر حاجی زاہد علی ریکی سے ملاقات کی جس میں ضلع واشک بالخصوص تحصیل ماشکیل کے تعلیمی مسائل اساتذہ کرام کی تنخواہوں کی بندش اور دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وفد میں آرگنائزنگ کمیٹی کے ممبران مولوی انعام الحق مولوی احترام الحق ضیاء بلوچ خلیل احمد گہرامزئی اور دیگر شامل تھے وفد نے میر حاجی زاہد علی ریکی کو آگاہ کیا کہ ضلع واشک میں فیرون کے اساتذہ گزشتہ چار ماہ سے تنخواہوں سے محروم ہیں جبکہ فیر تھری کے اساتذہ کرام کو گزشتہ دس ماہ سے تنخواہیں نہیں مل سکیں تنخواہوں کی مسلسل بندش کے باعث اساتذہ شدید مالی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں جس سے ان کی گھریلو زندگی بھی متاثر ہو رہی ہے وفد نے اساتذہ کی تنخواہوں کے مسئلے کو فوری طور پر حل کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کرام تعلیمی نظام کی بہتری اور نئی نسل کے مستقبل کو سنوارنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں

بقیہ 31

خطاب میں صوبے کی عظیم ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا وژن ہے کہ خواتین اور نوجوانوں کو کاروبار اور ہنرمندی کی ترقی کی جانب راغب کیا جائے اور انہیں تمام ضروری سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے خود روزگار کے مواقع پیدا کر سکیں اور صوبے کی معاشی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر کے اغراض و مقاصد سے شرکاء کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ بی ایف سی کے ذریعے خواتین کو کاروبار شروع کرنے کے لیے ضروری رہنمائی، سہولیات اور متعلقہ اداروں سے رابطے میں معاونت فراہم کی جائے گی، تاکہ انہیں کاروباری سرگرمیوں کے آغاز میں درپیش مشکلات کو کم کرنے میں مدد مل سکے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم ڈی بی ٹیوٹا عبدالاکبر زرکون بی ٹیوٹا کی خدمات پر روشنی ڈالی جبکہ سی ای او بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ عبدالمنان نے بھی ادارے اور بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر کے آپریشنز، خدمات اور کاروباری سہولیات کے حوالے سے شرکاء کو آگاہ کیا۔

بقیہ 32

دکھ پوری قوم کا دکھ ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم بچوں کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کے والدین اور لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت دے اور حادثے میں زخمی ہونے والے بچوں کو جلد مکمل صحت یابی عطا فرمائے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ زخمی بچوں کے علاج معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے اور انہیں معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں بچوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ اسکولوں کی عمارتوں کی تعمیر، دیکھ بھال اور حفاظتی معیارات پر عمل درآمد کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ 33

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پولیو کے خلاف جنگ میں حاصل ہونے والی پیش رفت مسلسل کوششوں، مؤثر حکمت عملی اور مربوط اقدامات کا نتیجہ ہے۔ پولیو کے مکمل خاتمے تک یہ جدوجہد پوری قوت کے ساتھ جاری رہے گی اور بچوں کو اس موذی مرض سے محفوظ بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے انسداد پولیو مہم کے دوران فرائض کی انجام دہی میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر اہلکاروں اور پولیو ورکرز کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں قومی خدمت کی روشن مثال ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مسلسل محنت اور ٹھوس اقدامات کے ذریعے بلوچستان کو پولیو سے پاک کرنے کا ہدف حاصل کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان میں تمام 23 ماحولیاتی نمونوں کا منفی آنا گزشتہ تین سال کی مسلسل جدوجہد، شب وروز محنت اور انسداد پولیو کے لیے کیے گئے مؤثر اقدامات کا نتیجہ ہے

بقیہ 34

کا ضیاع انتہائی دلخراش واقعہ ہے، جس پر ہر دل رنجیدہ ہے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ گورنر راج پی ٹی آئی حکومت کو جواب دہی سے بری نہیں کرتا، بلکہ اس دور حکومت میں تعلیمی اداروں کی عمارتوں کے حفاظتی معائنے اور بچوں کی جانوں کے تحفظ کے لیے کیے گئے اقدامات سے متعلق سوالات کے جواب دینا ہوں گے۔ انہوں نے زور دیا کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے اور غفلت کے مرتکب افراد کو جواب دہ بنایا جائے انہوں نے کہا کہ پشاور کو محض تعزیتی بیانات نہیں بلکہ حقائق سامنے لانے، شفاف تحقیقات اور مؤثر اقدامات کی ضرورت ہے۔ تعلیمی اداروں کی عمارتوں کی حالت، حفاظتی انتظامات اور ضروری مرمت پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام ممکن بنائی جا سکے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق طلباء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، لواحقین کو صبر جمیل دے اور زخمی طلباء کو جلد صحت یابی عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 35

کو پیار سے اسکول رخصت کیا، انہیں ان کی واپسی کے بجائے ان کے جاں بحق ہونے کی خبر سننا پڑی۔ ان گھروں میں چھا جانے والے سناٹے اور والدین کے دکھ کو الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں۔ چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے کہا کہ وہ اس المناک سانحے میں سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ جاں بحق بچوں اور اساتذہ کی مغفرت فرمائے، لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے اور زخمیوں کو جلد صحت یابی نصیب فرمائے۔ چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور واقعے کی مکمل و شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داران کا تعین کیا جائے

بقیہ 36

اور جبکہ دیگر 19 بچے زخمی ہوئے ہیں یہ سانحہ پوری قوم کے لیے انتہائی تکلیف دہ ہے۔ میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ وہ جاں بحق ہونے والے معصوم بچوں اور اساتذہ کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ پاک مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء کرے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے بھی دعا کی۔ صوبائی وزیر نے اس حوالے سے گورنر خیبر پختونخوا سے واقعے کی فوری اور شفاف انکوائری کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔

بقیہ 37

لیے مستقل نمائشی گوشے مختص کرنے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین صدیوں پر محیط ثقافتی روایات اور منفرد ہنرمندی کی امین ہیں۔ بلوچی کشیدہ کاری، روایتی ملبوسات، قالین بافی اور دیگر دستکاریوں میں ان کی مہارت صوبے کی تہذیبی شناخت کا اہم حصہ ہے، جسے قومی اور عالمی سطح پر مؤثر انداز میں پیش کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین ہنرمندوں کو ملکی و بین الاقوامی ثقافتی نمائشوں میں شرکت کے منظم مواقع فراہم کرنے سے نہ صرف ان کی تخلیقی صلاحیتوں کو پذیرائی ملے گی

بقیہ 38

تقسیم کا جائزہ لیا گیا۔ کارروائی کے دوران غیر قانونی لنکشنز کی نشاندہی کرتے ہوئے پانی کے نظام کو منظم بنانے کے لیے ضروری اقدامات کیے گئے اسسٹنٹ کمشنر احمد زیب کاکڑ نے کہا کہ پانی ایک قیمتی قومی وعوامی وسیلہ ہے، اس کے غیر قانونی استعمال اور چوری کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی۔ ضلعی انتظامیہ کی کوشش ہے کہ دستیاب پانی کے وسائل کو منظم انداز میں استعمال کرتے ہوئے شہریوں کو پانی کی منصفانہ فراہمی یقینی بنائی جائے انہوں نے کہا کہ غیر قانونی لنکشنز کے باعث پانی کی فراہمی کا نظام متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ عام شہریوں کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے،

بقیہ 39

اینڈ کامرس بلوچستان سردار کوہیار خان ڈومکی، سردار زادہ میر دینار خان ڈومکی، میر شاہزین خان ڈومکی، کے ڈی مری، ڈسٹرکٹ چیئرمین میر صلاح الدین زہری، چیئرمین میونسپل کمیٹی حاجی فیصل زہری اور میر ظفر علی ساسولی نے شرکت کی۔ اس موقع پر مختلف سیاسی امور اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 40

جانب سے صحت عامہ کی بہتری، عوام کو علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری ہسپتالوں کی استعداد کار بڑھانے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ صحت کے شعبے میں حکومتی اقدامات عوامی فلاح و بہبود کے لیے اہمیت کے حامل ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ ان اقدامات کے ثمرات گوادر سمیت صوبے کے تمام اضلاع کے عوام تک مؤثر انداز میں پہنچائے جائیں گے انہوں نے حکومت بلوچستان اور متعلقہ حکام سے اپیل کی کہ میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر کے لیے ادویات کی مد میں مختص فنڈز فوری جاری کیے جائیں اور ادویات کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے، تاکہ مریضوں کو علاج معالجے کے دوران مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے

بقیہ 41

کھلی کچہری کے دوران اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور فوری احکامات جاری کیے گئے ترقیاتی اسکیمات اور بی ایس ڈی آئی (BSDI) پروگرام اجلاس میں بی ایس ڈی آئی پروگرام اور ضلع میں جاری ترقیاتی اسکیمات کے حوالے سے عوامی تجاویز اور آراء کا خیر مقدم کیا گیا اور انتظامیہ کو ہدایت کی گئی کہ فلاحی اسکیمات کی شفافیت اور ان کے دائرہ کار کو مزید بہتر اور وسیع بنایا جائے۔ زراعت اور ایم ایم ڈی (MMD) ریکارڈ زمینداران ایکشن کمیٹی موسیٰ خیل کے صدر حاجی عصمت اور دیگر زمینداروں نے زراعت اور ایم ایم ڈی ریکارڈ سے متعلق اپنے نقطہ نظر اور تجاویز پیش کیں، جن پر کمشنر لورالائی نے متعلقہ محکمے کو فوری طور پر تمام امور اور ریکارڈ منظم کرنے کے احکامات دیئے۔

بقیہ 42

میں ایکسپورٹر تفتان امان اللہ جمالدینی، گوادر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق صدور جہیند ہوت اور شمس الحق کلمتی، جبکہ سابق جنرل سیکریٹری خالد سیف شامل تھے۔ اجلاس میں گوادر پورٹ کے گبد/ ریمدان 250 بارڈر کے ذریعے تجارت کے فروغ، ٹرانسپورٹیشن، کسٹم، سیکیورٹی، کنٹینرز کی نقل وحرکت اور ٹی آئی آر (TIR) نظام سے متعلق امور زیر بحث آئے۔ اس موقع پر زور دیا گیا کہ گوادر سے ایران کے سرحدی علاقے تک مختصر ترین زمینی راستے سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے تجارتی سرگرمیوں کو وسعت دی جائے اور گبد/ ریمدان کوریڈور کو مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جائے۔ اجلاس میں گبد/ ریمدان بارڈر پر پارکنگ، وزن کرنے کے کانٹے اور دیگر سرحدی سہولیات کی عدم دستیابی یا ان سے متعلق مسائل بھی زیر غور آئے۔

بقیہ 43

کے لیے علماء کرام نے ہر دور میں تاریخی کردار ادا کیا ہے۔ ہمیں اس عظیم عقیدے کی اہمیت کو نئی نسل تک منتقل کرنے، دینی تعلیمات کو عام کرنے اور معاشرے میں اسلامی شعور بیدار کرنے کی ضرورت ہے۔ حافظ محمد صدیق مدنی نے کہا کہ عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کی جدوجہد آئینی، قانونی، پرُامن اور جمہوری دائرے میں رہتے ہوئے جاری رہنی چاہیے۔ اس حوالے سے آئین پاکستان اور ملکی قوانین کا احترام، قومی یکجہتی اور معاشرتی امن برقرار رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے علماء کرام، دینی مدارس، تعلیمی اداروں اور تمام دینی وسماجی حلقوں پر زور دیا کہ وہ عقیدۂ ختم نبوت کے حوالے سے مستند دینی تعلیمات کو عام کریں اور نوجوان نسل کی فکری و دینی تربیت میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عقیدۂ ختم نبوت ہمارے ایمان، محبت رسول ﷺ اور دینی شناخت کا اہم حصہ ہے۔ اس عقیدے کے تحفظ کے لیے علمی، فکری اور دعوتی جدوجہد کو مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ضلع چمن کے منتظمین کے زیر اہتمام تحفظ ختم نبوت کانفرنس کا انعقاد خوش آئند ہے اور کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 44

امید کا اظہار کیا کہ ان کے مسائل متعلقہ حکام تک پہنچانے اور ان کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے، تاکہ انہیں روزمرہ زندگی میں درپیش مشکلات سے نجات مل سکے۔ اس موقع پر سردار محمد ہارون خان جمالی نے عوام کی شکایات اور مسائل کو غور سے سنا اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھانے کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ حلقے کے عوام کو درپیش مسائل کا حل اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی سردار گھرانے کی ترجیحات میں شامل ہے۔ عوامی مسائل سے آگاہی حاصل کرنا اور ان کے حل کے لیے متعلقہ امور پر توجہ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سردار محمد ہارون خان جمالی نے کہا کہ عوام اور ان کے درمیان رابطے کو برقرار رکھنا ضروری ہے، کیونکہ عوامی مسائل سے براہِ راست آگاہی حاصل ہونے سے ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنے میں مدد ملتی ہے

بقیہ 45

دوران متعلقہ افسران نے ڈویژنل ہیڈکوارٹر (DHQ) ٹیچنگ ہسپتال، (RHCs)، بنیادی مراکز صحت (BHUs) اور سول ڈسپنسریوں (CDs) کی مجموعی کارکردگی، طبی سہولیات کی دستیابی، عملے کی حاضری اور دیگر متعلقہ امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے محکمہ صحت کے افسران کو ہدایت کی کہ تمام سرکاری ہسپتالوں اور صحت کے مراکز میں طبی عملے کی حاضری یقینی بنائی جائے

بقیہ 46

تفصیلی احاطہ کیا گیا۔ اجلاس کے دوران خاص طور پر محکمہ تعلیم اور محکمہ صحت کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر زہری نے واضح ہدایات جاری کیں کہ دونوں شعبہ جات میں غیر حاضر اور غفلت کے مرتکب ملازمین کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے اور ان کی تنخواہوں سے کٹوتی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات اور بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی میں کسی قسم کی لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 47

کے دوران متعلقہ افسران نے ڈپٹی کمشنر کو منصوبے کے مختلف حصوں پر ہونے والے تعمیراتی کاموں اور موجودہ پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی۔ بریفنگ کے مطابق منصوبے کے اہم حصے اوورہیڈ واٹر ٹینک OHWT کی تعمیر آخری مراحل میں داخل ہو چکی ہے واٹر ٹینک کی مطلوبہ اونچائی اور اطراف کی دیواروں میں سریے کی تنصیب کا کام مکمل کر لیا گیا ہے جبکہ دیواروں کی بھرائی کا کام بھی مکمل ہو چکا ہے ٹینک کی چھت کی تعمیر کا کام جاری ہے جسے آئندہ ایک سے دو روز میں مکمل کرنے کی توقع ہے مزید بتایا گیا کہ منصوبے کے تحت پانی ذخیرہ کرنے کی سہولت پاور ہاؤس حفاظتی چار دیواری اور پانی کی ترسیل کے لیے پائپ لائنوں کے نیٹ ورک کی تنصیب سمیت دیگر اہم کام مکمل کیے جا چکے ہیں

بقیہ 48

صحت مند ماحول کی فراہمی یقینی بنانا ہے اس موقع پر وائس چیئرمین حاجی سیف اللہ ہوت، حاجی جاوید، فیصل اللہ بخش، صدام بلوچ، خلیل رسول بخش، دیگر کونسلرز اور میونسپل کارپوریشن کا عملہ بھی موجود تھے روڈ سوئپر مشین کی فراہمی سے شہر کی اہم شاہراہوں اور سڑکوں کی صفائی کے عمل میں بہتری آئے گی، جبکہ جدید مشینری کے استعمال سے صفائی کے کام کو زیادہ مؤثر اور منظم انداز میں انجام دینے میں مدد ملے گی

بقیہ 49

سکول ڈی کی موسیٰ خیل، گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول موسیٰ خیل اور گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول موسیٰ خیل کا معائنہ کیا۔ انہوں نے مختلف کلاس رومز کا دورہ کر کے طلبہ سے تعلیمی سوالات کیے اور ان کی تعلیمی استعداد کا جائزہ لیا اس موقع پر عبدالواسع خان کاکڑ نے اساتذہ کرام پر زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں محنت، دیانت داری اور خلوص نیت کے ساتھ ادا کریں اور طلبہ کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ نصاب کی بروقت تکمیل، طلبہ کی باقاعدہ حاضری اور تدریسی معیار میں بہتری کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز نے کہا کہ بچوں کا مستقبل ملک وقوم کی ترقی اور خوشحالی سے براہ راست وابستہ ہے، اس لیے معیاری تعلیم کے معاملے میں کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 50

عناصر کیخلاف بلا جھجک سخت کارروائی کی جائے۔ بی یو جے کے صدر منظور احمد جنرل سیکرٹری شاہ حسین ترین سمیت پوری کابینہ اور کوئٹہ پریس کلب کے صدر عرفان سعید، جنرل سیکرٹری ایوب ترین و کابینہ کے دیگر اراکین نے مشترکہ بیان میں اس بات پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہے کہ بعض افراد اور گروہ صحافی اور صحافت کے نام پر سرکاری محکموں، پولیس، نجی اداروں اور شخصیات سے ملاقات کرنے کے خواہاں یا ملاقات کر کے ذاتی مفادات حاصل کرنے کوشش کر رہے ہیں۔ اس سلسلے میں بی یو جے اور کوئٹہ پریس کلب کو مسلسل شکایات اطلاعات موصول ہو رہی ہیں

بقیہ 51

بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے حاجی نور محمد خان دمڑ نے جاں بحق بچوں کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کی قیمتی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک اور دل دہلا دینے والا سانحہ ہے۔ صوبائی وزیر نے حادثے میں زخمی ہونے والے بچوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی اور کہا کہ غم کی اس گھڑی میں ہم سوگوار خاندانوں کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ 52

پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات میں گوادر کی تجارتی و معاشی اہمیت اور خطے میں تجارت کے فروغ کے لیے گوادر پورٹ اور فری زون کے مؤثر کردار پر گفتگو کی گئی۔

بقیہ 53

نے ریڑھی بانوں سے ملاقات کرتے ہوئے ہدایت کی کہ وہ اپنا روزگار جاری رکھیں، تاہم ریڑھیاں سڑک کے ایک کنارے پر مناسب انداز میں کھڑی کریں تاکہ ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو اور شہریوں کو آمد ورفت میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 54

کمشنر خاران کو اغوا کیا گیا تھا۔ خاران کی ضلعی انتظامیہ کے ایک سینیئر عہدے دار اور خاران پولیس کے ایک افسر نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر واقعے کی تصدیق کی ہے۔ دوسری جانب صوبائی حکومت نے تا حال نہ واقعے کی باضابطہ تصدیق کی ہے اور نہ ہی کوئی بیان جاری کیا ہے۔ حکام کے مطابق جمعرات کو اسداللہ کاکڑ اپنے ڈرائیور اور کیشیئر کے ہمراہ ذاتی گاڑی میں سکیورٹی سکواڈ کے بغیر کوئٹہ سے خاران جا رہے تھے۔ خاران سے قریباً 35 سے 40 کلومیٹر پہلے پولیس تھانہ پٹکن کی حدود میں برشوئکی کے مقام پر مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر ان کی گاڑی روک لی۔

بقیہ 55

پانے میں مدد ملے گی۔ ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے تحصیل پریس کلب گنداخہ کے صحافیوں سے ٹیلیفونک گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فائر بریگیڈ کی سہولت علاقے میں عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے اہم کردار ادا کرے گی۔ اس ادارے کے قیام سے آتشزدگی اور دیگر ہنگامی واقعات کی صورت میں قیمتی جانوں اور املاک کو نقصان سے بچانے میں مدد مل سکے گی۔ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے مزید کہا کہ ان کی بھرپور کوشش ہے کہ گنداخہ کو ترقیاتی کاموں سے آراستہ کر کے عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں، تاکہ ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات براہِ راست عوام تک پہنچ سکیں

بقیہ 56

اللہ سالانی، عبدالقدیر سالانی سمیت شہریوں کی بڑی تعداد موجود تھی اس موقع پر اہل محلہ اور شہریوں نے البصیر پلاسٹک کراکری شاپ کے قیام کو اچھا اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ پلاسٹک کراکری شاپ یہاں کے عوام کو سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرے گا آخر میں دوست جان سالانی کی جانب سے تمام مہمانوں اور شرکاء کے اعزاز میں پرتکلف چائے پارٹی بھی دی گئی۔

بقیہ 57

بینکنگ امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ بینک میں موجود سہولیات کا معائنہ کیا اور بینکنگ امور کی انجام دہی کا جائزہ لیا انہوں نے بینک میں آنے والے شہریوں سے بھی ملاقات کی اور ان سے بینک کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولیات، خدمات کے معیار اور بینکنگ سروسز تک رسائی کے حوالے سے ان کی آراء اور تاثرات معلوم کیے۔ انہوں نے اس بات کی اہمیت پر زور دیا کہ عوام کو بینکنگ سہولیات کی فراہمی میں آسانی، شفافیت اور بہتر خدمات کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو اپنے مالی معاملات کی انجام دہی میں کسی قسم کی غیر ضروری دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے بینکنگ خدمات کی بہتری اور عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے سہولیات کی فراہمی کی اہمیت کو اجاگر کیا

بقیہ 58

ملاقات میں مختلف علاقوں میں قائم بنیادی مراکزِ صحت کی موجودہ صورتحال اور نئے منظور شدہ بی ایچ یوز کو فعال بنانے کے لیے جاری پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع انہوں نے کہا کہ بنیادی صحت کے مراکز کو فعال بنانے اور طبی سہولیات کی مؤثر فراہمی کے ذریعے دور دراز علاقوں کے عوام کو ان کی دہلیز پر علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جائیں پی پی ایچ آئی کے ڈسٹرکٹ منیجر ڈاکٹر منیر احمد نے ڈسٹرکٹ چیئرمین شئے مختار کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ متعلقہ امور پر پیش رفت اور نئے منظور شدہ بنیادی مراکز صحت کو فعال بنانے کے لیے جاری اقدامات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر صحت کی سہولیات کی بہتری، مراکزِ صحت کی فعالیت اور عوامی ضروریات کے مطابق طبی خدمات کی فراہمی پر بھی گفتگو ہوئی ضلعی نے اس بات پر زور دیا کہ بنیادی مراکزِ صحت کو فعال بنانا، دور دراز علاقوں میں طبی سہولیات کی دستیابی یقینی بنانا اور عوام کو بروقت علاج کی سہولت فراہم کرنا عوامی ضرورت ہے

بقیہ 59

رفتار سے روڈوں پر دوڑانے سے نوجوانوں کو روڈوں پر حادثات پیش آ رہے ہیں جس کی وجہ سے لوگ پریشان حال ہو گئے ہیں بالخصوص نوجوانوں کے والدین تشویش ناک حالت سے گزر رہے ہیں کیونکہ نوجوان موٹر سائیکلوں پر تیز روشنی والی لائٹس لگانے اور تیز رفتاری سے سڑکوں پر دوڑانے کا رجحان نوجوانوں میں بڑھتا جا رہا ہے، جس کے باعث حادثات پیش آ رہے ہیں اور لوگوں کی جان و مال کو خطرات لاحق ہیں من چلے نوجوان اپنی موٹر سائیکلوں پر مختلف رنگ کی لائٹس لگا کر سڑکوں پر انتہائی تیز رفتاری سے دوڑاتے ہیں، جس سے نہ صرف ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے بلکہ راہ گیروں اور دیگر گاڑیوں کے لیے بھی حادثات کا خطرہ بڑھ جاتا ہے

بقیہ 60

کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر جاں بحق ہو گیا جب کہ ایک شخص شدید زخمی ہو گیا۔ نعش اور زخمی کو سول ہسپتال بیلہ منتقل کر دیا گیا جہاں جاں بحق شخص کی شناخت عبدالماجد عرف لڈو محلہ مینگل بیلہ کے نام سے ہوئی۔

بقیہ 61

دورے کے دوران گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول کلی ملک جانان کوہلو کا معائنہ کیا گیا، جہاں اسکول غیر فعال پایا گیا اور مرکزی دروازے پر تالا لگا ہوا تھا۔ اسکول کی بندش اور عملے کی مسلسل غیر حاضری کا سخت نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام نے ہیڈ مسٹریس اور تمام تدریسی عملے کو معطل کرنے کے احکامات جاری کیے، جبکہ معاملے کی مزید تحقیقات کے لیے ڈی ای او جمیل بارکھان کو انکوائری آفیسر مقرر کیا گیا۔ بعد ازاں افسران نے گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول کلی جلات خان اور گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول نیاز محمد کا بھی معائنہ کیا، جہاں کلسٹر کے تحت فراہم کیے جانے والے سامان کی عدم دستیابی کا انکشاف ہوا۔ اس موقع پر متعلقہ کلسٹر ہیڈ کو سختی سے ہدایت کی گئی کہ دونوں اسکولوں کو درکار سامان اور ضروری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ تدریسی عمل متاثر نہ ہو۔

بقیہ 62

انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق خجک، اسسٹنٹ کمشنر نجیب اللہ خان کاکڑ سمیت تمام محکموں کے ضلعی افسران، علاقے کے معززین، زمینداروں اور عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی روڈز، پینے کے پانی اور دیگر ترقیاتی امور سے متعلق اپنے تجاویز اور مطالبات پیش کیے۔ کھلی کچہری کے دوران اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور فوری احکامات جاری کیے گئے: ترقیاتی اسکیمات اور بی ایس ڈی آئی (BSDI) پروگرام: اجلاس میں بی ایس ڈی آئی پروگرام اور ضلع میں جاری ترقیاتی اسکیمات کے حوالے سے عوامی تجاویز اور آراء کا خیر مقدم کیا گیا اور انتظامیہ کو ہدایت کی گئی کہ فلاحی اسکیمات کی شفافیت اور ان کے دائرہ کار کو مزید بہتر اور وسیع بنایا جائے۔ زراعت اور ایم ایم ڈی (MMD) ریکارڈ: زمینداران ایکشن کمیٹی موسیٰ خیل کے صدر حاجی عصمت اور دیگر زمینداروں نے زراعت اور ایم ایم ڈی ریکارڈ سے متعلق اپنے نقطہ نظر اور تجاویز پیش کیں، جن پر کمشنر لورالائی نے متعلقہ محکمے کو فوری طور پر تمام امور اور ریکارڈ منظم کرنے کے احکامات دیئے۔ محکمہ بی اینڈ آر اور پی ایچ ای کے کاموں اور سڑکوں کی زبوں حالی سے متعلق موصول ہونے والی شکایات وتجاویز کا جائزہ لیا گیا

بقیہ 63

انتظامات اور طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مرد و خواتین قیدیوں کے وارڈز جیل کی ڈسپنسری اور دیگر متعلقہ حصوں کا معائنہ کیا انہوں نے قیدیوں سے ملاقات کر کے ان سے دستیاب سہولیات اور درپیش مسائل کے بارے میں دریافت کیا اور ان کی شکایات وضروریات معلوم کیں ڈپٹی کمشنر نے قیدیوں کے لیے تیار کیے جانے والے کھانے کا بھی معائنہ کیا تاکہ خوراک کے معیار اور انتظامات کا جائزہ لیا جا سکے اس موقع پر ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ جیل محمد علی نے ڈپٹی کمشنر کو جیل میں دستیاب سہولیات انتظامی امور درپیش مشکلات اور ضروریات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی

بقیہ 64

کریں گے۔ اجلاس میں حق دو تحریک کے رکن مولانا ہدایت الرحمن بلدیاتی اداروں کو موثر بنانے کے لیے مناسب مالی وسائل، انتظامی اختیار، افرادی قوت سمیت دیگر اقدامات اور بلدیاتی انتخابات کے بروقت انعقاد کی قرارداد پیش کریں گے

بقیہ 65

پڑھائی، جس میں جمعیت علماء اسلام کے کارکنوں سمیت سیاسی، سماجی، مذہبی اور تاجر رہنماؤں نے سینکڑوں کی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر جے یو آئی کے مرکزی ناظم مفتی سعود افضل ہالیجوی، جے یو آئی سندھ کے پریس سیکریٹری ڈاکٹر اے جی انصاری، ضلعی سرپرست سید شاہ محمد شاہ، پیپلز پارٹی شہید بھٹو کے ندیم احمد قریشی، حاجی محمد عباس بنگلانی، ڈاکٹر خلیل احمد کھوسو، مولانا عبدالمالک کہنو، مقدم علی مردان سیال، جامعہ بنوری ٹاؤن کراچی کے قاری عبدالجبار اور دیگر شخصیات نے مرحومہ کے اہلِ خانہ سے تعزیت اور دلی افسوس کا اظہار کیا

بقیہ 66

ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ کوآرڈینیٹر آر ٹی ایس ایم مرزا عطہر بیگ ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میل اور فی میل سمیت محکمہ تعلیم کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران متعلقہ افسران نے ضلع بھر کے سرکاری تعلیمی اداروں کی مجموعی کارکردگی، اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری، طلبہ کے داخلوں، تعلیمی معیار، اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی دستیابی اور دیگر متعلقہ امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ 68

کے خاتمے کے لیے چونے کے چھڑکاؤ کو یقینی بنایا گیا۔ عملے کو روزانہ کی بنیاد پر فیاض محمود شیخ کی ہدایات پر صفائی کرنے سمیت کچرے کو فوری منتقل کرنے کے احکامات دیئے گئے۔ ایڈمنسٹریٹو محمد عارف شیخ کا کہنا تھا کہ چیئرمین فیاض محمود شیخ کی سخت ہدایات ہیں کہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے میں کوئی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 69

حالت میں لاڑکانہ ریفر کر دیے گئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب منگولی پولیس تھانے کی حدود ماتھجوی گوٹھ سمندر خان عمرانی میں زرعی اراضیات کے تنازعے پر بھائی نے اپنے سگے بھائی کے گھر گھس کر شدید فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں محمد انور یار محمد مسماۃ (س) مسماۃ (ن) مسماۃ (ص) اور مسماۃ (س) اقوام عمرانی شدید زخمی ہو گئے واقعے کے بعد ملزمان فرار ہو گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی اور زخمیوں کو فوری طور پر ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیا گیا جہاں انکو ابتدائی طبی امداد کے بعد تشویش ناک حالت میں لاڑکانہ ریفر کر دیا گیا جبکہ واقعے کے بارے میں مزید تحقیقات منگولی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 70

بنانا ہے اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر کا کہنا تھا کہ شہر میں پیشہ ورانہ گداگری کی روک تھام کے لیے متعلقہ اداروں کے تعاون سے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اس سلسلے میں سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور پولیس کے درمیان باہمی رابطے اور مشترکہ کارروائیوں کا سلسلہ برقرار رہے گا تاکہ شہر میں گداگری کی سرگرمیوں کی روک تھام اور شہریوں کو بہتر ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 71

کارکردگی سمیت دیگر اہم امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس کا مقصد ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار کا جائزہ لینا انتظامی امور کو مزید مؤثر بنانا اور عوامی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ محکموں کو ضروری ہدایات جاری کرنا تھا۔ اجلاس میں بلوچستان خصوصی ترقیاتی اقدامات پروگرام کے پہلے اور دوسرے مرحلے کے تحت ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ جاری منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور ان کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام ان منصوبوں کے ثمرات سے جلد مستفید ہو سکیں انہوں نے پروگرام کے تیسرے مرحلے میں شامل منصوبوں پر بھی جلد از جلد کام شروع کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی سرگرمیوں میں غیر ضروری تاخیر کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگی اور تمام متعلقہ محکمے منصوبوں کی پیش رفت پر مسلسل نظر رکھیں۔ اجلاس کے دوران گنداخہ میں واٹر ٹینک کی تعمیر میں تاخیر کا سخت نوٹس لیا گیا ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ ٹھیکیدار حمدان کو آخری نوٹس جاری کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے واضح کیا کہ مذکورہ منصوبے کی تعمیر ہر صورت 30 اکتوبر 2026 تک مکمل کی جائے

بقیہ 72

کے تندوروں کا معائنہ کیا جائے، مقررہ نرخ اور وزن پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ اہلیانِ گوادر نے مطالبہ کیا کہ عوام کو مقررہ قیمت پر پورے وزن کی روٹی کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ شہریوں کو مہنگائی کے اس دور میں مزید مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 73

حوالے سے گفتگو ہوئی، جس میں مستحق اور غریب خاندانوں کی فلاح و بہبود اور عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے امور پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ محترم اصغر علی جنگ صاحب نے اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان شاءاللہ اچھا کام ہوگا اور عوام کی خدمت کے لیے بھرپور کوششیں کی جائیں گی۔ عوامی خدمت صرف ایک ذمہ داری نہیں بلکہ ایک عظیم جذبہ ہے۔ غریب اور مستحق خاندانوں کے چہروں پر خوشی لانا، پریشان حال لوگوں کے لیے آسانیاں پیدا کرنا اور حق داروں تک ان کے حقوق پہنچانے میں کردار ادا کرنا ایک قابلِ قدر عمل ہے۔ امید ہے کہ اصغر علی جنگ صاحب اپنی نئی ذمہ داریوں کو محنت، دیانت داری اور خلوصِ نیت کے ساتھ نبھائیں گے اور عوام کی امیدوں پر پورا اترنے کی کوشش کریں گے۔ ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ اصغر علی جنگ صاحب کو اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے، ان کے لیے آسانیاں پیدا کرے اور انہیں غریبوں، بے سہارا خاندانوں اور مستحق افراد کی دعائیں سمیٹنے کا ذریعہ بنائے۔ آمین ثم آمین۔

بقیہ 74

مقابلوں (اردو وانگریزی)، پوسٹر سازی اور خطاطی کے مقابلوں کا انعقاد کیا۔ اس تقریب میں مختلف جامعات کے طلبہ و طالبات نے بھرپور جوش وخروش سے شرکت کی، جن میں نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز (NUML)، نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (NUST)، سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی (SBK)، الحمد اسلامک یونیورسٹی، یونیورسٹی لا کالج، بلوچستان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز، جامعہ بلوچستان اور بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (BUITEMS) شامل تھیں۔ اس تقریب کا بنیادی مقصد نوجوان نسل میں بدعنوانی کے منفی اثرات کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنا، کردار سازی، دیانت داری اور شفاف طرزِ عمل کو فروغ دینا اور معاشرے میں بدعنوانی کے خلاف شعور وآگاہی کو مزید مستحکم کرنا تھا

بقیہ 75

تھوڑی تھوڑی رقم جمع کر کے پلاٹ لیا تھا، اب میٹریل اتنا مہنگا ہو گیا ہے کہ اب جگہ کا بنیادیں بھی نہیں بنا سکتے ہیں جبکہ مھنگائی کی وجہ سے مارکیٹ میں خریدار نہ ہونے سے مزدور بے روزگار ہو رہے ہیں۔ غریب لوگوں نے اختیار رکھنے والوں سے مطالبہ کیا ہے کہ تعمیراتی میٹریل کی قیمتوں کو کنٹرول کیا جائے اور غریب آدمی کو ریلیف دیا جائے تاکہ وہ بھی اپنے گھر کی چھت بنا سکے۔

صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور احمد بلیدی ورلڈ فوڈ ایگزیبیشن کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرر ہے ہیں

دستیاب پانی کے وسائل کو منظم انداز میں استعمال کرتے ہوئے شہریوں کو پانی کی منصفانہ فراہمی یقینی بنائی جائے، احمد زیب کاکڑ

پانی ایک قیمتی قومی وعوامی وسیلہ ہے، اس کے غیر قانونی استعمال اور چوری کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کاکڑ نے کوئٹہ روڈ پر پانی کے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی کی اس موقع پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شہر میں پانی کی بڑھتی ہوئی ضروریات اور شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات کے پیشِ نظر پانی کے غیر قانونی استعمال اور غیر منصفانہ (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

نوابزادہ امیر حمزہ زہری کے اعزاز میں پر تکلف عشائیے

کوئٹہ (پ ر) معروف سیاسی وقبائلی شخصیت میر درک خان ڈومکی کی جانب سے صوبائی مشیر برائے لوکل گورنمنٹ نوابزادہ امیر حمزہ زہری کے اعزاز میں پر تکلف عشائیے کا اہتمام کیا گیا۔ عشائیے میں صوبائی وزیر انڈسٹریز (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

معصوم بچوں اور اساتذہ کے جاں بحق ہونے کی خبر سن کر دل شدید افسردہ ہے، غلام رسول عمرانی

زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور واقعے کی مکمل وشفاف تحقیقات کر کے ذمہ داران کا تعین کیا جائے

صوبائی مشیر برائے لیبر اینڈ مین پاور کا پشاور کے دیر کالونی میں اسکول کی چھت گرنے کے افسوسناک واقعے پر اظہارِ افسوس

بابا کوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) صوبائی وزیر لیبر اینڈ مین پاور سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے پشاور کے علاقے دیر کالونی میں اسکول کی چھت گرنے کے افسوسناک واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے کہا کہ معصوم بچوں اور اساتذہ کے جاں بحق ہونے کی خبر سن کر دل شدید افسردہ ہے۔ یہ سوچ کر ہی دل کانپ اٹھتا ہے کہ جن والدین نے آج صبح اپنے بچوں (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

عبدالواسع خان کاکڑ کا موسیٰ خیل کے مختلف سرکاری تعلیمی اداروں کا دورہ

نصاب کی بروقت تکمیل، طلبہ کی باقاعدہ حاضری اور تدریسی معیار میں بہتری کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں

موسیٰ خیل (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز ایجوکیشن لورالائی ڈویژن عبدالواسع خان کاکڑ نے ملک نجیب خان کاکڑ کے ہمراہ موسیٰ خیل کے مختلف سرکاری تعلیمی اداروں کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تدریسی سرگرمیوں، اساتذہ کی حاضری، تعلیمی ماحول، طلبہ کی کارکردگی اور مجموعی تعلیمی معیار کا تفصیلی جائزہ لیا دورے کے دوران ڈویژنل ڈائریکٹر نے گورنمنٹ بوائز ہائی (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

مینا مجید بلوچ کا پشاور میں نجی اسکول کی چھت گرنے سے 30 بچوں کی ہلاکت پر گہرے غم اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر کھیل وامور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ کا پشاور میں نجی اسکول کی چھت گرنے سے 30 بچوں کی ہلاکت پر گہرے غم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔ کہ پشاور کے علاقے دیر کالونی میں نجی اسکول کی عمارت گرنے سے خاتون ٹیچر سمیت کم از کم 30 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوئے۔ محترمہ مینا مجید بلوچ نے معصوم بچوں کی قیمتی جانوں کا ضیاع انتہائی دلخراش سانحہ ہے۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی عالمی یوم سفید چھڑی کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیرصدارت ہنہ اوڑک کمیٹی کا جائزہ اجلاس

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت ہنہ اوڑک کمیٹی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) حافظ محمد طارق، ہنہ اوڑک کمیٹی کے نمائندوں اور حالیہ واقعات میں شہید ہونے والے افراد اور زخمیوں کے لواحقین نے شرکت کی۔

بچوں کی قیمتی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک اور دل دہلا دینے والا سانحہ ہے، نور محمد خان دمڑ

زیارت (خ ن) صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ کا پشاور میں اسکول کی چھت گرنے سے معصوم طلبہ کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار۔ صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کے افسوسناک واقعے میں معصوم طلبہ کے جاں (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

صحافت کے لبادہ اوڑھے افراد اور گروہوں ان دنوں سرگرم ہیں، منظور احمد

حکام ان کی صحافت اور میڈیا اداروں اور نمائندہ تنظیم بی یو جے اور کوئٹہ پریس کلب سے وابستگی کی تصدیق ضرور کریں، صدر بی یو جے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس اور کوئٹہ پریس کلب کی قیادت نے شہریوں، سرکاری محکموں، پولیس اور نجی اداروں و شخصیات کی جانب سے جعلی صحافیوں و آرگنائزیشنز کے حوالے سے ملنے والی مسلسل شکایات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہے صحافت کے لبادہ اوڑھے افراد اور گروہوں ان دنوں سرگرم ہیں حکام ان کی صحافت اور میڈیا اداروں اور نمائندہ تنظیم بی یو جے اور کوئٹہ پریس کلب سے وابستگی کی تصدیق ضرور کریں، جعلی (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

ڈائریکٹر جنرل گوادر پورٹ اتھارٹی سے شمس الحق کلمتی اور امان اللہ جمالدینی کی ملاقات

فری زون سے وابستہ تجارتی امکانات اور کاروباری سرگرمیوں کو مزید وسعت دینے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہِ خیال

گوادر (رپورٹ محمد سلیم رند) ڈائریکٹر جنرل گوادر پورٹ اتھارٹی داؤد کلمتی سے گوادر چیمبر آف کامرس کے سابق صدر شمس الحق کلمتی اور ایکسپورٹر تفتان امان اللہ جمالدینی نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران گوادر میں تجارتی سرگرمیوں کے فروغ، گوادر پورٹ کی اہمیت، فری زون سے وابستہ تجارتی امکانات اور کاروباری سرگرمیوں کو مزید وسعت دینے سے متعلق امور (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

ڈائریکٹر جنرل گوادر پورٹ اتھارٹی داؤد کلمتی سے گوادر چیمبر آف کامرس کے سابق صدر شمس الحق کلمتی اور ایکسپورٹر تفتان امان اللہ جمالدینی نے ملاقات کر رہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف عمر کا سریاب روڈ کا دورہ، ٹریفک کی روانی کا جائزہ

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف عمر نے سریاب روڈ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ریڑھی بانوں کی جانب سے ریڑھیاں کھڑی کرنے کے طریقہ کار اور ٹریفک کی روانی کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

خاران، نامعلوم مسلح افراد نے کمشنر رخشان ڈویژن اسداللہ کاکڑ کو ڈرائیور سمیت اغوا کر لیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع خاران کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے کمشنر رخشان ڈویژن اسداللہ کاکڑ کو ڈرائیور سمیت اغوا کرلیا ہے۔ یہ واقعہ نوشکی خاران روڈ پر اسی مقام کے قریب پیش آیا جہاں گذشتہ ماہ ڈپٹی (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

علاقے کی بہتری کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، ڈاکٹر جاوید اختر جمالی

گنداخہ میں فائر بریگیڈ کی عمارت کی تعمیر آخری مراحل میں داخل، عوامی تحفظ کے لیے اہم پیش رفت ہے

گنداخہ (نامہ نگار) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے گنداخہ میں فائر بریگیڈ آفس کی عمارت کی تعمیر آخری مراحل میں داخل ہونے پر صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی اور ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ فائر بریگیڈ آفس کا قیام گنداخہ کے عوام کے لیے ایک خوش آئند اور اہم پیش رفت ہے، جس سے ہنگامی حالات میں فوری امدادی کارروائیوں اور آتشزدگی جیسے ناخوشگوار واقعات پر بروقت قابو (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر جھٹ پٹ دھیرج کالرہ نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کا دورہ

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کے احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر جھٹ پٹ دھیرج کالرہ نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعلیمی سرگرمیوں، اساتذہ کی حاضری اور تدریسی عمل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے اساتذہ کا حاضری رجسٹر چیک کیا اور اس بات کا جائزہ لیا کہ تدریسی عملہ اپنی ذمہ داریاں باقاعدگی سے ادا کر رہا ہے یا نہیں۔

البصیر پلاسٹک کراکری شاپ دالبندین کا افتتاح

پلاسٹک کراکری شاپ یہاں کے عوام کو سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرے گا

دالبندین (نامہ نگار) ممتاز سماجی وقبائلی رہنماء حاجی غلام دستگیر سالانی نے کلی ملک خدائے رحیم دالبندین میں واقع البصیر پلاسٹک کراکری شاپ کا فیتہ کاٹ کر افتتاح کیا اس موقع پر میونسپل کمیٹی دالبندین کے کونسلر میر عبدالجلیل سالانی، دوست جان سالانی، حفیظ سالانی، میر حسین سالانی، قیصر خان سالانی، ماسٹر خالقداد ریکی، شیر دل خان ہچباڑی، مولابخش محمد حسنی، محمد ہاشم مینگل، ظہور احمد سالانی، شبیر احمد ریکی، میر حمزہ سالانی، فیض اللہ، شاہد سالانی، عزیز سالانی، حافظ ثناء (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

نوجوانوں کے اس غیر ذمہ دارانہ طرزِ عمل پر والدین بھی انتہائی حد تک پریشان ہیں، عوامی حلقے

جعفرآباد (بیورو چیف) عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ شوقین من چلے نوجوانوں نے موٹر سائیکلوں میں مختلف قسم کی تیز روشنی والی لائیٹس لگا کر موٹر سائیکلوں کو خطرناک حد تک (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر جھل مگسی کا نیشنل بینک آف پاکستان گنداواہ کی نئی برانچ کا دورہ

عوام کو بینکنگ سہولیات کی فراہمی میں آسانی، شفافیت اور بہتر خدمات کو یقینی بنایا جائے، سید رحمت اللہ شاہ

جھل مگسی (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کا نیشنل بینک آف پاکستان گنداواہ کی نئی برانچ کا دورہ بینکنگ سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ نے نیشنل بینک آف پاکستان گنداواہ کی تحصیل آفس کی نئی عمارت میں منتقل ہونے والی برانچ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے بینک میں دستیاب سہولیات عوام کو فراہم کی جانے والی خدمات اور (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

بیلہ، دو موٹر سائیکلوں میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق، ایک زخمی

اوتھل (این این آئی) بیلہ کے قریب مین قومی شاہراہ پر ٹیارہ کے مقام دو موٹر سائیکلز میں تصادم 1 شخص موقع پر جانبحق، 1 ایک شخص شدید زخمی، ریسکیو ذرائع کے مطابق جمعرات کی شام تاریخی شہر بیلہ کے قریب مین قومی شاہراہ پر ٹیارہ کے مقام دو موٹر سائیکلوں میں تصادم (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

ڈسٹرکٹ چیئرمین شئے مختار کا پی پی ایچ آئی ڈسٹرکٹ منیجر ڈاکٹر منیر احمد سے ملاقات

پی پی ایچ آئی اور متعلقہ اداروں کے باہمی تعاون سے ضلع میں بنیادی صحت کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جا سکے گا

گوادر (خ ن) ڈسٹرکٹ چیئرمین شئے مختار نے پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انیشی ایٹو (پی پی ایچ آئی) کے ضلعی دفتر میں پی پی ایچ آئی ڈسٹرکٹ منیجر ڈاکٹر منیر احمد سے ملاقات کی، جس میں ضلع کے دور دراز علاقوں میں بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی، بنیادی مراکزِ صحت کی فعالیت اور نئے منظور شدہ صحت مراکز کو فعال بنانے سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان قومی احتساب بیورو کے زیر اہتمام منعقدہ بین الجامعاتی تقریری مقابلوں میں شریک طلباء سے خطاب کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کا ڈسٹرکٹ جیل نصیرآباد کا دورہ

موسم گرما کے دوران بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کے باعث قیدیوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، وریندر لعل

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کا ڈسٹرکٹ جیل نصیرآباد کا دورہ قیدیوں کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات طبی انتظامات اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا سولر سسٹم کی تنصیب اور طبی سہولیات کی بہتری کے لیے اقدامات کی یقین دہانی کرائی تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل نے آج ڈسٹرکٹ جیل نصیرآباد کا تفصیلی دورہ کیا جہاں ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ جیل محمد علی نے ان کا استقبال کیا اور جیل کے مختلف حصوں کا معائنہ کرایا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے جیل میں قیدیوں کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات، انتظامی امور صحت وصفائی کے (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

موسیٰ خیل کی تحصیل کنگری میں ایک عظیم الشان کھلی کچہری

عوامی مسائل کے بروقت حل کو یقینی بنائیں اور حکومتِ بلوچستان کے ترقیاتی ویژن کو عوام تک پہنچانے کے لیے تمام وسائل بکار لائیں

موسیٰ خیل (پ ر) عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری امور میں مزید بہتری لانے کے لیے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی سربراہی میں ضلع موسیٰ خیل کی تحصیل کنگری میں ایک عظیم الشان کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق خجک، اسسٹنٹ کمشنر نجیب اللہ خان کاکڑ سمیت تمام محکموں کے ضلعی افسران، علاقے کے معززین، زمینداروں اور عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور روڈز، پینے کے پانی اور دیگر ترقیاتی امور سے متعلق اپنے تجاویز اور مطالبات پیش کیے (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

ڈاکٹر حفیظ بلوچ سے میر عبدالغفور کلمتی اور میر ارشد کلمتی کی ملاقات

ہسپتال میں طبی عملے کی کمی دور کرنے کے لیے خالی آسامیوں پر بھرتیوں کا عمل جلد مکمل کیا جائے

گوادر (خ ن) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر ڈاکٹر حفیظ بلوچ سے میر عبدالغفور کلمتی ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیئرمین میر ارشد کلمتی نے ملاقات کی، جس میں ہسپتال میں ادویات کی دستیابی، طبی عملے کی کمی اور مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر میر ارشد کلمتی نے صوبائی حکومت کی (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

نصیرآباد، ڈپٹی کمشنر وریندر لعل قیدیوں کا تیار ہونے والا کھانا چیک کر رہے ہیں

ماجد جوہر نے شہر میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید موثر اور جدید بنانے کیلئے روڈ سوئپرز مشین کا افتتاح کردیا

گوادر (خ ن) میونسپل کارپوریشن گوادر کے چیئرمین ماجد جوہر نے شہر میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید موثر اور جدید بنانے کے لیے روڈ سوئپرز مشین کا افتتاح کر دیا۔ اس اقدام کا مقصد شہر کی سڑکوں کی صفائی کو بہتر بنانا، شہری ماحول کو صاف ستھرا رکھنا اور عوام کو (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

خضدار، اسسٹنٹ کمشنر زہری روزین جمالی کی زیر صدارت تمام صوبائی محکمہ جات کا ایک اہم اجلاس

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر زہری روزین جمالی کی زیرصدارت تمام صوبائی محکمہ جات کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں سب ڈویژن زہری میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عمومی کارکردگی اور درپیش مسائل کا (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

سردار محمد ہارون خان جمالی سے حلقہ انتخاب کے عوام کی ملاقات

عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کے حل کے لیے باہمی رابطے اور تعاون کو فروغ دینا ضروری ہے

گنداخہ (نامہ نگار) گوٹھ سردار رستم خان جمالی "بکھرڑا" میں سردار محمد ہارون خان جمالی سے حلقہ انتخاب کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے عوام نے ملاقات کی اور انہیں اپنے علاقے کے درپیش مسائل، مشکلات اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی سے متعلق آگاہ کیا۔ اس موقع پر میر حسین خان جمالی بھی موجود تھے، ملاقات کے دوران عوام نے اپنے علاقوں میں درپیش مختلف مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے ان کے حل کے لیے توجہ دینے کی درخواست کی۔ عوام نے اس (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

عقیدہ ختمِ نبوت کا تحفظ ہر مسلمان کے ایمان کا بنیادی تقاضا ہے۔ حافظ صدیق مدنی

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی خدمات قابل تحسین ہیں۔ جمعیت چمن

چمن (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام چمن بلوچستان کے رہنماء اور ممبر یوتھ پارلیمنٹ حافظ محمد صدیق مدنی نے کہا ہے کہ عقیدہ ختمِ نبوت اسلام کے بنیادی اور قطعی عقائد میں شامل ہے۔ حضور اکرم حضرت محمد مصطفی ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں، آپ ﷺ کے بعد کسی نئے نبی کی گنجائش نہیں۔ عقیدۂ ختمِ نبوت کا تحفظ ہر مسلمان کی دینی، ایمانی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کا اس بنیادی عقیدے پر غیر متزلزل ایمان ہے اور اس کے تحفظ (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان کی زیرِ صدارت منعقدہ اجلاس

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان کی زیرِ صدارت منعقدہ اجلاس میں کیسکو کے ایگزیکٹو انجینئر نے بجلی کی فراہمی ولوڈشیڈنگ کے شیڈول اور دیگر متعلقہ امور کے حوالے سے بریفنگ دی۔

صوبائی مشیر لوکل گورنمنٹ نوابزادہ حمزہ زہری کے اعزاز میں قبائلی وسیاسی رہنما درک خان ڈومکی کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ کے شرکاء اس موقع پر صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی بھی موجود ہیں

ڈپٹی کمشنر جھل مگسی کا گنداواہ واٹر سپلائی اسکیم فیز ون کا دورہ

منصوبے کے اہم حصے اوور ہیڈ واٹر ٹینک OHWT کی تعمیر آخری مراحل میں داخل ہو چکی ہے

جھل مگسی (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی کا گنداواہ واٹر سپلائی اسکیم BSDI فیز ون کا دورہ جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ نے ایکسین محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ PHE شکیل احمد انصاری اور انجینئر پی ایچ ای عبد الخالق آرائیں کے ہمراہ گنداواہ واٹر سپلائی اسکیم WSS کے تحت بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشیٹو BSDI فیز ون کے جاری ترقیاتی کاموں کا دورہ کیا اور منصوبے پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا دورے (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر سبی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس

سرکاری فرائض میں غفلت اور غیر حاضری کسی صورت قابلِ قبول نہیں، الیاس کبزئی

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر قادر ہارون، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ذیشان سمیت محکمہ صحت کے دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

دلخراش واقعہ میں 28 افراد جاں بحق ہو جانا ایک سانحہ سے کم نہیں، صادق عمرانی

جاں بحق ہونے والے معصوم بچوں اور اساتذہ کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں

صوبائی وزیر آبپاشی کا پشاور میں نجی سکول کے چھت گرنے کے افسوسناک واقعے پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے پشاور میں نجی سکول کے چھت گرنے کے افسوسناک واقعے پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے، اپنے ایک تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ اس دلخراش واقعے میں 28 افراد جاں بحق ہو جانا ایک سانحہ سے کم نہیں انہوں نے کہا کہ حادثے میں 27 معصوم بچے جانبحق (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

چیرمین گوادر پورٹ سے گوادر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد کی ملاقات

گوادر سے ایران کے سرحدی علاقے تک مختصر ترین زمینی راستے سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے تجارتی سرگرمیوں کو وسعت دی جائے، نورالحق بلوچ

گوادر (خ ن) چیرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ سے گوادر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد نے ملاقات کی، جس میں گوادر پورٹ کے ذریعے ایران کے ساتھ تجارت کے فروغ، گبد۔ ریمدان بارڈر کوریڈور کے استعمال اور ٹرانزٹ ٹریڈ سمیت دیگر تجارتی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل گوادر پورٹ داؤد کلمتی بھی موجود تھے، جبکہ وفد (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر مواصلات وتعمیر سلیم احمد خان کھوسہ لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈپٹی ڈائریکٹر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام اصغر علی جتک سے ملاقات، ہار پہنا کر مبارکباد

اصغر علی جتک صاحب اپنی نئی ذمہ داریوں کو محنت، دیانت داری اور خلوصِ نیت کے ساتھ نبھائیں گے

چھتر (نامہ نگار، غلام مرتضیٰ منگی) ڈپٹی ڈائریکٹر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام اصغر علی جتک سے ملاقات، ہار پہنا کر مبارکباد پیش کی اور عوامی خدمت کے حوالے سے اہم گفتگو ڈیرہ مراد جمالی، ضلع نصیرآباد ڈپٹی ڈائریکٹر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، محترم جناب اصغر علی جتک صاحب سے ملاقات کے دوران انہیں نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر ہار پہنا کر دلی مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اس موقع پر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے (بقیہ 73 صفحہ 3 پر)

گوادر میں 20 روپے کی روٹی کے وزن میں کمی، ضلعی انتظامیہ اور محکمہ خوراک فوری نوٹس لیں، اہلیانِ گوادر

شہر بھر کے تندوروں کا معائنہ کیا جائے، مقررہ نرخ اور وزن پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے

گوادر (رپورٹ محمد سلیم رند) اہلیانِ گوادر نے مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں 20 روپے میں فروخت ہونے والی روٹی کے وزن میں مبینہ کمی کا ضلعی انتظامیہ اور محکمہ خوراک فوری نوٹس لیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ روٹی روزمرہ خوراک کی بنیادی ضرورت ہے اور اس کے وزن میں کمی سے عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ شہر بھر (بقیہ 72 صفحہ 3 پر)

بین الجامعاتی تقریری، مضمون نویسی، پوسٹر سازی اور خطاطی کے مقابلے

کوئٹہ (خ ن) قومی احتساب بیورو نیب (بلوچستان) نے آگاہی مہم کے تحت نیب کمپلیکس، کوئٹہ کینٹ میں انسدادِ بدعنوانی کے موضوع پر بین الجامعاتی تقریری مقابلوں (اردو و انگریزی)، مضمون نویسی کے (بقیہ 74 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال کی زیر صدارت ہفتہ وار جائزہ اجلاس

اُستا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال کی زیرِ صدارت ہفتہ وار جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، عوام کو درپیش مسائل، شہری سہولیات کی فراہمی، صفائی ستھرائی کے انتظامات اور مختلف سرکاری محکموں کی (بقیہ 71 صفحہ 3 پر)

ملک بھر میں تعمیراتی میٹریل کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ ہو گیا ہے

مہنگائی کی وجہ سے مارکیٹ میں خریدار نہ ہونے سے مزدور بے روزگار ہو رہے ہیں

جعفرآباد (بیورو چیف) غریب طبقے کے لوگوں کا کہنا ہے کہ ملک بھر میں تعمیراتی میٹریل کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ ہو گیا ہے جس سے عام آدمی شدید پریشان ہو گیا ہے سیمنٹ، سریا، بجری، ریت اور اینٹوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں غریب مزدور طبقہ کے لوگوں کا کہنا ہے کہ اپنے گھر کا خواب اب خواب ہی بن کر رہ گیا ہے۔ ایک غریب نے بتایا کہ ہم نے (بقیہ 75 صفحہ 3 پر)

گوادر میر جان کی سربراہی میں سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور گوادر پولیس کا شہر میں پیشہ ورانہ گداگری کیخلاف مشترکہ کارروائی

شہر میں پیشہ ورانہ گداگری کی روک تھام کیلئے متعلقہ اداروں کے تعاون سے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں گے

گوادر (خ ن) ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر گوادر میر جان کی سربراہی میں سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور گوادر پولیس نے شہر میں پیشہ ورانہ گداگری کے خلاف مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے دو افراد کو حراست میں لے لیا یہ کارروائی ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر گوادر میر جان اور ایس ایچ او سٹی تھانہ گوادر محمد ظریف کی مشترکہ نگرانی میں عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کا مقصد شہر میں پیشہ ورانہ گداگری کی روک تھام، شہریوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ اور شہر کے ماحول کو بہتر (بقیہ 70 صفحہ 3 پر)

نصیرآباد، ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل قیدیوں کے مسائل سن رہے ہیں

بلوچستان کی خواتین صدیوں پر محیط ثقافتی ورثے اور منفرد ہنرمندی کی امین ہیں، ربابہ بلیدی

بلوچستان کی ہنرمند خواتین کو قومی ثقافتی سرگرمیوں کا مستقل حصہ بنانے کے لیے وفاقی اور صوبائی سطح پر ادارہ جاتی تعاون اور مربوط حکمت عملی ناگزیر ہے

بلوچستان کی تاریخی شناخت، روایتی فنون اور ثقافتی تنوع کو قومی سطح پر مستقل نمائندگی ملنی چاہیے، وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ترقی نسواں

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے اسلام آباد میں وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب کھچی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کی خواتین ہنرمندوں کی قومی و بین الاقوامی نمائشوں میں شرکت کے مواقع بڑھانے، صوبے کی روایتی دستکاریوں کو فروغ دینے اور ملک بھر کے قومی عجائب گھروں میں بلوچستان کے تاریخی و ثقافتی ورثے کے (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی میں زمین کے تنازعے پر فائرنگ سے خاتون اور بچوں سمیت 4 افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب مانجھوٹی میں زرعی اراضیات کا تنازعہ بھائی نے اپنے سگے بھائی کے گھر میں گھس کر فائرنگ کی بارش کر دی بھائی بھابی اپنے چار بچوں سمیت شدید زخمی ہو گئے تشویش ناک (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

غیر حاضری، غفلت اور فرائض میں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی، ڈاکٹر محمد سلیم زرکون

غفلت کے مرتکب اہلکاروں کے خلاف قواعد وضوابط کے مطابق سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی

کوہلو (خ ن) حکومت بلوچستان کی تعلیمی اصلاحات اور سرکاری تعلیمی اداروں میں نظم وضبط کی بہتری کیلئے جاری اقدامات کے تحت ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کوہِ سلیمان ڈویژن ڈاکٹر محمد سلیم زرکون اور ڈی او ای حفیظ اللہ مری نے ضلع کوہلو کے مختلف سرکاری اسکولوں کا اچانک دورہ کیا اور تعلیمی سرگرمیوں، عملے کی حاضری اور دستیاب سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

فیاض محمود شیخ کی ہدایات پر شہر بھر میں صفائی وستھرائی کی مہم تیزی سے جاری

شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے میں کوئی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

شکارپور (رپورٹ شاہد گولہ) اس سلسلے میں ایڈمنسٹریٹو آفیسر سینی ٹیشن عارف شیخ نے عملے کے ہمراہ وارڈ نمبر 23 کا دورہ کر کے صفائی اور لیمنگ (چونا چھڑکاؤ) کے کام کا جائزہ لیا اور گلیوں اور نالیوں سے کچرا اٹھانے کے کام کی چیکنگ کی گئی۔ مچھروں اور جراثیم (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

گوادر میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر حفیظ بلوچ سے میر ارشد کلمتی ملاقات کر رہے ہیں

ولی محمد بڑیچ کی سربراہی میں ضلع موسیٰ خیل کی تحصیل کنگری میں ایک کھلی کچہری

فلاحی اسکیمات کی شفافیت اور ان کے دائرہ کار کو مزید بہتر اور وسیع بنایا جائے

موسیٰ خیل (خ ن) عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری امور میں مزید بہتری لانے کیلئے وزیراعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی سربراہی میں ضلع موسیٰ خیل کی تحصیل کنگری میں ایک کھلی کچہری کا (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا۔ اجلاس میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ سے متعلق سوالات دریافت اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔ اجلاس میں رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن سرکاری دفاتر میں عوامی مسائل کے جلد حل کے لیے اقدامات اٹھانے سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پیش (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

جیکب آباد جے یو آئی کے بزرگ رہنما مولانا فیض محمد ڈول کی اہلیہ انتقال کر گئیں

نمازِ جنازہ میں سیاسی، سماجی اور مذہبی رہنماؤں کی بڑی تعداد میں شرکت

جیکب آباد (رپورٹ انیس جکھرانی) جمعیت علماءِ اسلام کے ممتاز مرحوم رہنما مولانا فیض محمد ڈول کی اہلیہ، مرحوم مولانا فدا احمد ڈول اور در محمد ڈول، قاری عبدالباسط ڈول اور حافظ فضل الرحمٰن کی والدہ، جبکہ مولانا سراج احمد ڈول کی دادی 75 سال کی عمر میں انتقال کر گئیں۔ مرحومہ کی نمازِ جنازہ ان کے صاحبزادے مفتی کفایت اللہ ڈول نے جامعہ قاسم العلوم جیکب آباد میں (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر سبی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کمیٹی کا اجلاس

سرکاری اسکولوں میں اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری یقینی بنائی جائے، الیاس کبزئی

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر سبی میر بہادر خان ہنگلزئی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر طارق الماس، (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

اسپیشل مجسٹریٹ اعجاز حسین کھوسہ سب ڈویژن سٹی کے مختلف علاقوں میں وزن میں کمی کرنے والے تندوروں کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں